Vol. II
No. 23.



Monday,
20th September, 1954.

HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY DEBATES

Official Report

PART II—PROCEEDINGS OTHER THAN QUESTIONS AND ANSWERS

CONTENTS

Note: * At the commencement of the speech denotes confirmation not received.

GOVERNMENT PRESS
HYDERABAD-DN.
1955

THE HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY

Monday, the 20th September, 1954.

The House met at Half Past Two of the Clock

[*Mr. Speaker in the Chair*]

Questions & Answers

(*See Part I*)

Motion for Adjournment Re: Promulgation of Section 144 Cr. P. C.

Mr. Speaker : I have received notice of an adjournment motion from Shri V. D. Deshpande which reads thus :

"On 18-9-1954 the Police officers of Hyderabad and Secunderabad prevailed upon the Magistrates concerned for the promulgation of Section 144 Criminal Procedure Code banning the processions within the Municipal limits. The orders under Section 144 Cr. P. C. were imposed to obstruct the Bank Employees, Trade Unions and Kisan Sabha from agitating for the amelioration of their grievances. The Agricultural labourers and poor peasants belonging to Harijan and Backward Communities from all the Districts of Telangana decided to proceed to Hyderabad on 20-9-1954. They wanted to represent to the Assembly and to the Government for the revocation of orders of evictions from the Government Waste Lands in particular from Gairan land, remitting the penalties imposed, conferring the patta rights on them, conducting the spot enquiry and for restoration of Circular No. 16 of 1952, which the Government has cancelled not even caring for the acquired rights. They wanted to protest against the inhuman activities of the Revenue officials who were responsible for getting grazed the standing crops by the cattle. But the Government who is adamant on its anti-peoples' stand, refused to allow the Kisans to come and represent their grievances on this day, and tried to take a shield under Section 144 Cr. P. C. Similarly Section 144 Cr. P.C. has been clamped

on the whole of District of Nalgonda previously with the same object. The flagrant interference with the civil liberties is a matter of urgent public importance as it is a violation of legitimate activities of the Kisan Sabha and Trade Unions".

As the matter raised comes within the purview of 'ordinary administration of law, I do not see any reason to allow or give my consent to this motion.

**Shri V. D. Deshpande* (Ippaguda): Sir, before you give your ruling on this motion, I wish to point out that it is only after the imposition of Section 144 Cr. P. C. on many an occasion during the last two years that I have been forced to bring in this adjournment motion now before the House. In the course of the last two years, on flimsy grounds and at the least opportunity, the Government has taken recourse to the issue of prohibitory orders under Section 144 Cr. P. C., to suppress the movements of the Trade Unions, Employees, Workers, Peasants and other classes. The present one is not a solitary instance.

Our Constitution has guaranteed us the freedom of movement and association. When we have been peacefully and legitimately exercising that freedom and when there has not been any breach or violation on the part of the peasants, workers and other Trade Unionists, the imposition of Sec. 144 orders cannot be justified, as it interferes with our legitimate activities. The peasants, the Trade Unionists and the Employees of Hyderabad wanted to represent their case to the Government and they have every right under the Constitution to carry processions and hold meetings in a peaceful manner to ventilate their grievances; but the imposition of the prohibitory orders yesterday obstructed them from agitating for the amelioration of their legitimate grievances. The Government has given no ground; nor was there any likelihood of there being any breach of the peace or disorder. The proper and legitimate pressure which the people have a right to bring to bear upon Government was not allowed to be exerted. The Government are afraid of legitimate and peaceful movement of the people; and instead of solving the problem facing the peasants, workers, employees and trade unionists, the Government have been taking recourse to such methods which even the British Government when it was ruling India did not resort to so easily. In Bombay, processions of thousands of people took place and the Government took care to protect the processionists and see that they

dispersed peacefully, but they never imposed the ban under Section 144 Cr. P. C. in the way in which the Hyderabad Government is doing in the last two years. This flagrant interference with the civil liberties of people is a matter of urgent public importance as it is a violation of legitimate activities of the people; and it is to discuss this particular matter of urgent public importance, which, if not discussed but allowed to continue, is likely to lead to the semi-fascist methods to suppress the movement of the peasants, that I have brought this adjournment motion before the House ; and I feel that through ordinary administrative channels we can have no relief in this regard.

I, therefore, request you, Sir, to kindly allow us to discuss this particular matter.

منسٹر فار اکسائز ، فارسٹس اینڈ ریوینیو (شری کے۔ وی۔ رنگا ریڈی) :— اسپیکر سر۔ اس کے جواب میں میں صرف چند الفاظ کہہ دینا چاہتا ہوں ۔ اگر حکومت سے مطالبہ کرنے کے لئے پر امن طریقہ پر پروسیشن لایا جائے یا پبلک میٹنگ کی جائے تو حکومت کو کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا ۔ لیکن اس پروسیشن کے نکالنے میں ایک شر موجود ہے ۔ یہ کسی حق کو حاصل کرنے کے لئے نہیں ہے ۔ بلکہ محض حکومت کو بدنام کرنے کے لئے اور عوام میں ایک دوسرے سے نفرت پیدا کرنے کے لئے اس پروسیشن کے لانے کا ارادہ کیا گیا تھا ۔ چنانچہ بعض اس کے پمفلٹس بھی ملے تھے ۔ اس میں انہوں نے لکھا ہے کہ حکومت رعایا کے حقوق غصب کر رہی ہے ۔ اس میں ایسا مضمون تھا جس سے رعایا میں باہمی ایک دوسرے سے نفرت پھیلنے کا اندیشہ تھا ۔ اسی بارے میں اخباروں میں بھی بڑے بڑے حروف میں اعلانات کئے جا رہے ہیں کہ گائران پٹہ پر دئے جانے چاہئیں ۔ یا گائران پر جن رعایا نے کاشت کی ہے ان کا قبضہ قائم رکھکر ان کے نام پٹہ کردیا جائے ۔ اس قسم کے اعلانات کئے جا رہے ہیں ۔ آنریبل ممبر میرے پاس ان شکایات کو لیکر آئے تھے ۔ میں نے ان کے حسب مرضی مسائل کو طے کیا ۔ اس کے سلسلہ میں میں نے متعدد گشتیات جاری کئے ۔ قواعد میں بتلایا گیا ہے کہ جملہ رقبہ کاشت کے ۱۰ فیصد گائران رعایا کی بھلائی کے لئے چھوڑ دینا ضروری ہے ۔ اس کو قائم رکھتے ہوئے خارج کھاتہ گائران کی جو زائد زمین برآمد ہوگی اوسکو اور پرمپوک کی اراضی کو اس سال کے اختتام سے پہلے ایک ایکر اراضی بھی اپنے پاس نہ رکھتے ہوئے پٹہ پر دینے کے صاف و صریح احکام حکومت نے دے دئے ہیں ۔ ان تمام اراضیات کا ڈیٹا فراہم کرنے میں حکام مصروف ہیں ۔ جس پر آنریبل ممبرس نے بھی اطمینان ظاہر کیا ۔ اس کے بعد کوئی چیز باقی نہیں تھی ۔ قانون کے لحاظ سے ۱۰ فیصد گائران برقرار رکھنا لازمی ہے ۔ اگر یہ قائم نہ رکھا جائے تو حکومت کو زر مالگزاری کے ذریعہ ۱۰ لاکھ کی مزید آمدنی ہوتی ہے ۔ لیکن حکومت اپنا نقصان برداشت کرتے ہوئے گاؤں کی غریب رعایا کے

فائدہ کے لئے ۱۰ فیصد زمین بطور ڈئران برقرار رکھنا چاہتی ہے - جس شخص کے قبضہ میں اراضی ہے ....

**Shri V.D. Deshpande*: Mr. Speaker, Sir, Permit me to point out that the hon. Minister is going into the merits of the case.

My adjournment motion is to discuss the imposition of Section 144 Cr. P.C. which interferes with our right of association and movements. I would point out here that last time when we took out a procession of about 5,000 persons to his House and presented the matter to him legitimately, there was absolutely no breach of peace in any way. Everything was peaceful and after having a talk with him on this particular problem, the peasants returned peacefully to their villages. Can the Minister say that there was any breach of peace then? If there was no breach of peace then, why should the Government be afraid that there would be some breach of peace now? One can have difference of opinion whether gairan lands should be given to the peasants or not, but one cannot have any difference of opinion whether constitutional rights should be guaranteed or not. The point is whether the right to have processions and movements could be interfered with. There is absolutely no reason for the Government to pass a blanket order prohibiting any processions of the peasants throughout Nalgonda District and not allow them to come to the cities of Secunderabad and Hyderabad. Let me point out, Sir, that during the last two years all the movements and processions of the peasants were peaceful and orderly and we have given no room to the Government at any time to say that we have taken to any disorderly behaviour. I have to make a charge on the Government that they are afraid of people's movements and people's processions and to get away from the people they are taking recourse to Sec. 144, Cr.P.C.

This is a matter of utmost public importance and must be discussed in the House. If this matter is not allowed to be discussed here, we must think that democracy in Hyderabad is in grave danger and legitimate movements of the people cannot be had; it means we cannot have any processions; it means we cannot have any meetings. It is because of the urgency and importance of the matter, that I request you that we should be allowed to discuss the matter.

Mr. Speaker : This is a simple matter and not of much importance. I, have therefore, disallowed the adjournment motion.

**Shri V.D. Deshpande :* In view of the fact that you have disallowed the motion and because of the attitude of the Government, we have no other alternative to get relief on this particular point. But to assert our right to discuss this motion and to express our protest against the semi-fascist attitude of the Government in imposing Sec. 144 Cr. P.C., we wish to stage a walk-out on behalf of the People's Democratic Front.

(Members of the P.D.F. Party then left the House).

شری شرن گوڑہ انعامدار (اندولہ - جیورگی) :- مسٹر اسپیکر سر - آج ھاؤز میں جو اڈجورنمنٹ موشن (Adjournment motion) لایا گیا تھا اس میں حقوق کا سوال تھا - آج حالت یہ ھے کہ اپنے مسائل کو حل کرنے کے لئے کسی جگہ پیس فل (Peaceful) طریقے پر جمع نہیں ھوسکتے - دفعہ ۱۴۴ جب خطرہ پیدا ھونے کے وقت نہیں لگایا جاتا ھے تو پھر معاشی یا سماجی حقوق کے حاصل کرنے کے لئے جب کوئی جمع ھونا چاھتے ھیں تو اوس وقت کیوں نافذ کیا جاتا ھے - حیدرآباد کی پالیسی ھمارے حقوق کے خلاف ھے - اس اسٹیٹیوڈ (Attitude) کے خلاف احتجاج کرتے ھوئے ھم بھی واک اوٹ (Walkout) کرتے ھیں -

(Members of the U.P.P. then left the House)

شری مادھو راؤ نرلیکر (ھنگولی - محفوظ) :- مسٹر اسپیکر سر - سکندرآباد اور حیدرآباد میں جو پروسیشن (Procession) نکالے جانے والے تھے اوس کے وجوھات خاص تھے وہ یہ کہ برسپوک اور گائران اراضیات کے بارے میں کچھ کہنے کے لئے کاشتکار آرھے تھے ان کو روک دینے کے لئے یہ دفعہ نافذ کیا گیا ھے - ھم اس کے خلاف احتجاج کرتے ھوئے واک اوٹ کرتے ھیں -

(Two members of the S.C.F. Party then left the House).

L. A. Bill No. XXXVIII of 1954, the Hyderabad Sales Tax (Amendment) Bill, 1954

The Minister for Finance, Statistics, Commerce and Industries (Shri V.K. Koratkar) : I beg to introduce L.A. Bill No. XXXVIII of 1954, the Hyderabad Sales Tax (Amendment) Bill, 1954.

Mr. Speaker : The bill is introduced.

Statement Re: Abolition of Surcharges on Exports, Etc.

Shri V. K. Koratkar: Mr. Speaker, Sir, I want to make a statement on the floor of the House. The Hyderabad Government have decided to abolish from 1st October, 1954, the surcharges levied on export and also customs duties on those commodities on which surcharges used to be levied.

Shri V. B. Raju (Secunderabad-General): Mr. Speaker, Sir, Is it Private Members business or official business to be transacted today ?

Mr. Speaker: It is only introduction of a Bill. We are not going to discuss anything.

Shri V. B. Raju: What is the convention ? On Private Member's business day, can official business also be transacted ?

Shri L. K. Shroff (Raichur): I think it is the convention that on a Private Members business day, if official business is to be transacted the leave of the House has to be obtained.

Mr. Speaker: It is merely an introduction of the Bill and does not take any time.

Papers laid on the Table of the House

Shri V. K. Koratkar: I beg to lay on the Table of the House a supplementary statement of expenditure and demands relating thereto for the year 1954-55.

Mr. Speaker: The statement is laid on the Table of the House.

When shall we take up these demands ?

The Minister for Local Government and Education (Shri Gopalrao Ekbote): On 24th September, 1954.

Mr. Speaker: All right. Motions for reduction of grants will be tabled by 23rd September 1954.

Motion for Adjourning the Discussion on the Resolution Re : Disintegration of Hyderabad State

Shri Sripatrao Newasiker (Aurangabad) : I beg to move :

"That the debate on the resolution on the disintegration of the Hyderabad State be now adjourned".

Mr. Speaker : Motion moved.
The hon. Member may give the reasons for such adjournment.

* شری سری پت راؤ نواسیکر :— اس کے وجوہات میں عرض کرونگا - اس ریزولیوشن پر گذشتہ نان آفیشیل ڈے (Non official day) کو کافی مباحث ہو چکے ہیں - یہ ریزوایوشن اس بارے میں ہے کہ حیدرآباد کو تقسیم کر کے لنگوسٹک پراونسس (Linguistic Provinces). بنادئے جائیں - گذشتہ نان آفیشیل ڈے کو پورا دن اس پر بحث ہوچکی ہے اور دونوں طرف کے آنریبل ممبرس کو اپنے اپنے خیالات کے اظہار کا کافی موقع مل چکا ہے - اب یہ مسئلہ اسٹیٹ ری آرگنائزیشن کمیشن کے زیر غور ہے - اس بارے میں کانگریس اور مختلف سیاسی پارٹیوں کی جانب سے کمیشن کے آگے میمورنڈم پیش کئے جا چکے ہیں اور اس طرح بھی ہر ایک کو اپنی اپنی رائے کے ظاہر کرنے کا موقع مل چکا ہے - اس لئے اس پر آج مزید غور کی ضرورت باقی نہیں رہی - ان حالات کے تحت میں یہ موشن موو (Move) کر رہا ہوں کہ اس بحث کو ملتوی کیا جانا چاہئے -

مسٹر اسپیکر :— اس موشن سے متعلق آنریبل ممبرس کچھ کہنا چاہتے ہیں تو کہہ سکتے ہیں -

شری انا راؤ گن مکھی (افضل پور) :— مسٹر اسپیکر سر - ابھی بحث جاری ہے اس لئے جو موشن لایا گیا ہے وہ صحیح نہیں ہے - اگر ایسا ہی ہے تو کلوژر موشن (Closure motion) پیش کرسکتے ہیں -

**Shri V. B. Raju :* I think the motion that has been moved is quite in order. Secondly, the debate is not being closed now. Sufficient discussion on the resolution has taken place. When it is opened again there will be scope for Members to speak on the resolution. Only for the present, the discussion is being adjourned. The resolution is not being thrown out, but it is still alive and only the debate on the resolution is being adjourned. I support the motion.

Mr. Speaker : The question is :

"That the debate on the resolution on the disintegration of Hyderabad State be now adjourned".

The motion was adopted.

Mr. Speaker : As the member who has given notice of the next resolution is not in his seat, let us take up Resolution No. 3.

Resolution Re: Pattas of Lands on which Penalties have been Imposed for Unauthorised Cultivation

Shri Arutla Laxminarasimha Reddy (*Wardhanapet*) *:* I beg to move:

"That this Assembly is of opinion that—

(*a*) pattas of lands on which penalties have been imposed for unauthorised cultivation be granted to the cultivating landless poor or to such cultivating poor peasants who have land only up to one basic holding as prescribed under the Hyderabad Tenancy and Agricultural Lands (Amendment) Act;

(*b*) all penalties imposed be remitted completely irrespective of any appeal preferred in the matter and that penalties already realised, if any, be refunded;

(*c*) The recent orders of the Government regarding the previously cultivated gairan lands be withdrawn and the said lands be excised and given on patta irrespective of the fact that the remaining area of gairan is reduced to the Minimum limit of 10% of the total cultivated acreage;

(*d*) during the enquiry for patta of such lands instead of leasing them solely on the basis of Jamabandi records oral evidence be made admissible along with 'on the spot' enquiry;

(*e*) the remaining Government waste lands be given to landless and to poor peasants having an area equal to one basic holding as prescribed under the Hyderabad Tenancy and Agricultural Lands (Amendment) Act;

(*f*) the distribution work of such lands should be planned by taluk-wise land distribution committees constituted of all political parties".

Mr. Speaker: Resolution moved.

* شری ایل - این - ریڈی :— مسٹر اسپیکر سر - میں نے ھاؤز کے سامنے جو تحریک پیش کی ھے اوس کا مطلب یہ ھے کہ جو زمینات اب تک غریب لوگ کاشت کررھے ھیں اون ھی کو دئے جائیں - زمینات پر بڑے پیمانے پر تاوان عائد کیا جارھا ھے اور انکو بیدخل کرنے کی کوشش کی جا رھی ھے - اس خصوص میں حکومت کی جانب سے مختلف احکام صادر ھوئے ھیں - خود اون احکام کی رو سے جن لوگوں کو ان زمینات کا پٹہ دیا جاسکتا تھا نہیں دیا گیا ھے - چنانچہ سنہ ۱۹۵۲ع میں یہ گشتیات جاری ھوئے کہ جو لوگ اس سے قبل ان اراضیات پر کاشت کرتے آرھے ھیں اونکے نام پٹہ کردیا

جائے - ان احکام کے باوجود انکے نام پٹہ نہیں کیا گیا ہے - ان اراضیات پر غریب لوگ اور خاصکر هریجن اور پست طبقات کے لوگ چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں پر کاشت کررہے ہیں لیکن سرکاری کاغذات میں ان کا داخلہ بھی نہیں ہے - زر مالگزاری اون سے وصول کرنا اور کاغذات سرکاری میں اسکا عمل نہ کرنا مناسب طریقه نہیں ہے - جو لوگ سنه ۱۹۵۲ع کے پہلے سے کاشت کررہے تھے انکے نام پٹہ نہیں کیا گیا - سنه ۱۹۵۲ع کے بعد مختلف مقامات پر تحصیلات اور کلکٹروں کے پاس رعایا نے لاؤنی کے لئے درخواستیں پیش کئے لیکن اون درخواستوں کا تصفیه نہیں ہوا اور انکو کوئی جواب نہیں دیا گیا . . . .

جس وقت درخواستیں پیش کی گئیں اوس وقت اونہیں زبانی طور پر ان اراضیات کو کاشت کرنے کے متعلق افہام تفہیم کی گئی - وہ لوگ محکمه جات مال میں درخواستیں پیش کئے اور اون اراضیات پر قابض و متصرف ہیں - بعض مقامات پر تحریری اجازت نامه بھی کاشتکاروں کے پاس موجود ہیں - اکثر ایسے مقامات میں ایسے لوگوں نے درخواستیں پیش کیں مگر اون کے متعلق نه تو پٹہ کی کارروائی کی گئی اور نه ہی اون لوگوں کو زمینات دیگئیں - اس سال ایک عجیب طریقه اختیار کیا گیا جو لوگ سرکاری زمینات پر کاشت کئے ہیں - بلا لحاظ اس کے وہ اجازت سے کاشت کررہے ہوں یا بلا اجازت کاشت کررہے ہوں - سنه ۱۹۵۲ع سے

[*Shri Anna Rao Ganamukhi* (*Chairman*) *in the Chair.*]

کاشت کئے ہوں یا بعد سے کاشت کئے ہوں سب پر بھاری تاوانات عائد کئے گئے ہیں. اور اون لوگوں پر تاوانات کی وصولی کے سلسله میں بیحد سختیاں کی جا رہی ہیں - اور اون غریبوں کی جائداد ضبط کی گئی ہے - اون کے جانوروں کو ضبط کیا گیا - بعض عہدہداران کو اطلاع ملی تھی که پھر سے احکامات جاری ہورہے ہیں لیکن اوسکے باوجود اس عمل کو نہیں روکا گیا - بعض مقامات پر یه بھی مقدمات عائد کئے گئے ہیں که جن جانوروں کو ضبط کیا گیا تھا اون کو لوگ بجبر چھڑا کر لیجارہے ہیں - اس طرح عام طور پر ان غریبوں پر سختی کی جا رہی ہے - ہم نے اس سلسله میں مختلف اوقات میں منسٹر صاحب اور دیگر عہدہداروں کے پاس ریپریزنٹیشن کیا - منسٹر صاحب نے اوس پر فوری توجه کی اور حکم التوا جاری کیا - اور آخر اگسٹ تک احکام التوا جاری کئے گئے - لیکن اوس وقت جو احکام جاری کئے گئے تھے اوسکے پیشتر ہی بیشتر حصه تاوانات کا وصول ہو گیا تھا - جو لوگ اوس وقت ادا نہیں کئے تھے اون سے البته یه التوا احکام متعلق کئے گئے - لیکن چند مقامات پر ایسا بھی ہوا که ان احکامات کے جاری ہونے کے باوجود اون لوگوں پر اس قسم کی کارروائیاں جاری رہی ہیں - ان احکامات کے جاری ہونے کے باوجود جو لوگ پہلے ہی سے زمینات کاشت کررہے تھے اون کی کاشت میں مختلف طریقوں سے مزاحمت کی گئی - پٹیل پٹواریوں نے گاؤں میں ڈھنڈورا پیٹا ان اراضیات کو کاشت نہیں کیا جاسکتا -

اون اراضیات پر جانے سے کاشتکاروں کو روکا گیا - جن مقامات پر ایسی کاشت روک دیگئی تھی احکام التوا جانے کے بعد جو لوگ بہ اجازت کاشت کئے تھے اون کو بلا اجازت کاشت کا عذر بتلاتے ہوئے اون کی پیداوار ضبط کی جا رہی ہے - چند مقامات سے اطلاع ملی ہے کہ وہاں دھنگروں کی مدد سے فصلیں تلف کی جا رہی ہیں - بھیڑ بکریوں اور مویشیوں کو وہاں چروایا جا رہا ہے - اور لوگوں کو مخوف کیا جا رہا ہے - اون کے دلوں میں یہ بات بٹھا دیگئی ہے کہ تم کو یہ پیداوار حاصل نہیں ہوسکتی اور ضبط کرلیجائیگی - یا جانوروں کے ذریعہ اس کو تباہ و برباد کیا جائیگا - اس طرح کے حالات وہاں پیدا ہوگئے ہیں - حکام مقتدر کے پاس ان حالات کو پیش کیا گیا - تفصیلات بتلائی گئیں - ۲۹ - جون کو ایک گشتی جاری کی گئی تھی جو لوگ سنہ ۱۹۵۲ع کے پہلے سے کاشت کررہے ہیں اور اونکی کاشت کا داخلہ کاغذات میں موجوذ ہے تو اون کے مرافعہ‌جات منظور کئے جائینگے - اس احکام کے نتیجہ کے طور پر اکثر رعایا نے مرافعہ جات پیش کئے تاکہ تاوانات معاف کئے جائیں اس سلسلہ میں بعض لوگ جون سنہ ۱۹۵۲ ع کے پہلے بعض مقامات پر کاشت کررہے تھے لیکن کاغذات میں داخلہ نہیں تھا اون کے مرافعہ جات نامنظور کئے گئے - یا نامنظور ہونے کی نوبت پر ہیں - ایسے سواد کی بناء پر کاشتکاروں کو یہ بتلا کر کہ آپ کا قبضہ نہیں ہے بیدخل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے - اور نوبت یہاں تک آپہنچی ہے کہ اکثر مقامات پر پیداوار کو ضبط کرنے اور پیداوار کو خراب کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے - اس لئے گورنمنٹ اور ہاؤز کو اس پر سیریسلی (Seriously) غور کرنے کی ضرورت ہے - میں ہاؤز سے استدعاء کرتا ہوں کہ وہ حالات پر مناسب غور کرے - جہاں تک میں نے معلومات حاصل کئے ہیں اور لوگوں سے ملا ہوں اون سے معلوم ہوا ہے کہ ایسے کاشتکار (۹۰) فیصد ہریجن ہیں - یہ لوگ کسی خاص آدمی کے اکسانے کی وجہ سے یا کسی پولیٹیکل پارٹی کے اکسانے کی وجہ سے قابض و متصرف نہیں ہیں بلکہ اس کے ذمہ‌دار تو وہ پولیٹیکل پارٹی اور وزرائے کرام ہیں جنہوں نے جنرل الکشن کے زمانہ میں دورہ کیا تھا اور اون کے سامنے جب درخواستیں زمین دلانے کے لئے پیش کی گئی تھیں تو اون سے وعدہ کیا گیا تھا کہ اون کو زمینات دیجائینگی - بائی الکشنس کے زمانہ میں بھی وزراء نے دورہ کیا اور جہاں جہاں درخواستیں پیش کی گئیں وہاں وہاں اون سے یہ وعدہ کیا گیا کہ زمینات دیجائینگی عہدہ‌دار بھی جب دیہاتوں میں جاتے ہیں وہاں درخواستیں پیش ہوتی ہیں تو چونکہ گورنمنٹ کی پالیسی زمینات الاٹ (Allot) کرنے کی ہے اس لئے وہ اس پالیسی پر عمل کرتے ہیں - اور ان کاشتکاروں کو کاشت کی اجازت دیتے ہیں - چنانچہ خود پیٹل پٹواری اور گرداوروں نے بھی ایسے لوگوں کو کاشت کی اجازت دئے ہیں - ان حالات میں رعایا نے زمینات حاصل کرنے کے لئے پیروی کی اور مشکلات جھیلیں - زمینات کو صاف کیا اور پھر کاشت کرکے اون پر قابض ہیں - لیکن اب یہ عذر اٹھا کر کہ اون کا قبضہ بلا اجازت ہے یا

اس گاؤں میں دس فیصد سے کم بنچرائی رقبہ ہے اون لوگوں کو بیدخل کیا جا رہا ہے ۔ اس طرح کا اسٹینڈ (Stand) لینا اون کے حق میں مشکلات پیدا کرنا اور نا انصافی کرنے کے برابر ہے ۔ بنچرائی کا جو طریقہ مقرر کیا گیا ہم اوسکے مخالف نہیں ہیں ۔ ہم یہ کہنے والوں میں سے نہیں ہیں کہ دیہات کے لوگوں کو اس سے استفادہ کرنے کا حق نہیں ہونا چاہئیے ۔ بلکه ہمارا کہنا یہ ہے کہ جہاں دس فیصد سے کم رقبہ ہے لیکن جہاں لوگوں نے محنت کرکے کاشت کی ہے وہاں استثناء دینا چاہئیے ۔ البتہ آئندہ کے لئے اس پر سختی سے عمل کروانا چاہئیے کہ جہاں دس فیصد سے کم رقبہ بنچرائی کے لئے ہے وہاں اس قسم کی کاشت نہ ہو ۔ ہم اس سلسلہ میں حکومت کو برابر متوجه کرا رہے ہیں ۔ بی ۔ رام کشن راؤ صاحب جب ریوینیو منسٹر تھے انہوں نے ایک گشتی جاری فرمائی تھی جس کا مطلب یہ تھا کہ جن جن آراضیات پر ہریجن یا پست اقوام کاشت کر رہے ہیں اور وہاں دس فیصد سے کم رقبہ بنچرائی کے لئے ہے تو بھی ویسی زمینات سے اون لوگوں کو بیدخل نہ کیا جائے بلکه اون کے نام پٹہ کیا جائے ۔ سنہ ۵۲ ع میں یہ گشتی جاری ہوئی تھی سنہ ۱۹۵۳ ع میں وہ گشتی منسوخ کردیگئی ۔ اس طرح جن لوگوں کو حقیقت میں پٹہ دیا جاسکتا تھا اون کو پٹہ نہیں دیا گیا ۔ اس کے برعکس حکومت کی جانب سے صحیح حالات اور حقیقی پوزیشن معلوم کرنے کے بعد جو احکام جاری ہوئے تھے اوسکو واپس لے لیا گیا ۔ پرانے احکام کو رد کردیا گیا ۔ جسکے نتیجه کے طور پر کئی غریب لوگوں کے متاثر ہونے کا امکان ہے ۔ میں ایسے گائران اراضیات کی طرف حکومت کی توجه مبذول کروانا چاہتا ہوں کہ کیا حقیقت میں دیہات کا طبقه ان اراضیات سے پورا استفادہ حاصل کررہا ہے ۔ اس کے ساتھ یہ بھی دیکھنا ضروری ہے کہ جہاں دس فیصد سے کم رقبہ ہے کیا وہاں حقیقت میں زرعی کاروبار چلانے میں مشکلات پیش آرہی ہیں ۔ ہمارے اسٹیٹ کا (۳۳) فیصد جاگیری علاقه ہے اور اگر صرفخاص مبارک کو بھی ملا لیا جائے تو (۴۲) فیصد رقبہ ہو جاتا ہے ۔ اس علاقه کے اکثر و بیشتر مقامات میں کوئی گائران نہیں ہیں ۔ میرا موضع خود ایک بڑے جاگیردار کا موضع تھا ۔ میرے موضع میں (۱۰) ہزار ایکر قابل کاشت رقبہ ہے ۔ مگر میرے موضع میں ایک ایکر گائران زمین بھی نہیں ہے ۔ اسکے باوجود وہاں کاشت کے کاروبار برابر چل رہے ہیں ۔ کسی قسم کی تکلیف کے بغیر کاروبار چل رہے ہیں ۔ بھونگیر تعلقه میں جاگیری ولیجس کی میجاریٹی میں یہ بتاسکتا ہوں کہ وہاں پانچ فیصد دو فیصد یا تین فیصد بنچرائی بھی نہیں ۔ وہاں جاگیردار نے خود کے فائدہ کی خاطر یا مالگزاری کی خاطر تمام زمین پٹہ پر دے دی ہے ۔ وہاں بنچرائی نہیں ہے لیکن وہاں کاروبار اچھی طرح چل رہے ہیں ۔ اینڈ کمیشن کی جانب سے حال ہی میں فیگرس بتلائے گئے ہیں اونکو دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ بنچرائی کا اصول ہر جگہ یکساں نہیں ہے ۔ مرہٹواڑہ اور کرناٹک میں مجموعی طور پر دس فیصد رقبہ کسی ایک تعلقه میں نہیں ہے ۔ کسی جگہ بھی وہاں دس فیصد رقبہ مختص نہیں ۔ اس طرح اس میں تلنگانه کے مختلف تعلقات

کے فیگرس کوٹ (Quote) کئے گئے ہیں - وہاں کے کئی تعلقوں میں آج پانچ فیصد یا دس فیصد بنچرائی رقبہ بھی نہیں - یہ بحث کی جاسکتی ہے کہ خارج کھاتہ اور پرمپوک اراضی کو ملا کر دس فیصد رقبہ نکل سکتا ہے - لیکن میں یہ بتلانا چاہتا ہوں کہ چند تعلقات ایسے بھی ہیں جہاں یہ اراضی شامل کرنے کے بعد بھی دس فیصد رقبہ حاصل نہیں ہوسکتا - مثال کے طور پر شادنگر تعلقہ کو لیجئے - یا اوسی طرح عادل آباد کے تعلقہ راجورہ کو لیجئے -

اس قسم کے تعلقے وہاں موجود ہیں جس میں دس فیصد کا کوئی رقبہ مختص نہیں ہے - کم ہے - یہ عام پوزیشن ہے - جاگیری علاقوں میں بنچرائی کا کوئی طریقہ نہیں ہے - مہاراشٹرا اور کرناٹکا میں اس پر عمل پیرائی نہیں ہوتی - تلنگانہ کے چند علاقوں میں بھی نہیں ہے - آپ مدیرا اور کھمم جائیے جہاں انٹنسیو کلٹیویشن (Intensive cultivation) ہوتی ہے - وہاں کس طریقہ سے کاشت ہوتی ہے دیکھئے - گائران کا کتنا رقبہ موجود ہے دیکھئے - مدیرا تعلقہ میں آپ ملاحظہ کرینگے کہ وہاں بنچرائی کا کوئی رقبہ نہیں ہے - اسکے باوجود وہاں کے کاروبار چل رہے ہیں اور جہاں بنچرائی موجود ہے کیا وہاں حقیقت میں رعایا اس سے مستفید ہوتی ہے - اکثر مقامات پر اراضیات گائران ایسے مقام پر واقع ہیں کہ جہاں عام لوگوں کی پہنچ نہیں ہوسکتی - گاؤں کے آخری کونے میں ہیں - بعض مقامات پر چند لوگوں کی زمنیات سے گھرے ہوئے ہوتے ہیں - بڑے زمینداروں اور دوسرے لوگوں کی زمینات سے گھرے ہوئے ہوتے ہیں اور وہاں عام لوگوں کے جانے کا راستہ نہیں ہوتا - چند مٹھی بھر لوگ اس سے استفادہ کرتے ہیں - اکثر لوگوں کو اس میں داخل ہونے تک نہیں دیتے - اس طریقہ سے آج جو بنچرائی کا طریقہ ہے وہ غلط ہے - اگر آپ اس پر یہ تصور کرتے ہیں کہ اس سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں جائینگے تو یہ غیر واجبی ہوتا ہے - اسلئے ان سب حالات پر حکومت غور کرے خاصکر ایسی صورت میں جبکہ ایک گورنمنٹ نے کمٹ (Commit) کیا ہے کہ ہریجن اور پست طبقہ کے لوگ اگر وہاں بنچرائی کی زمین پر کاشت کررہے ہیں تو انکو بیدخل نہیں کرینگے - ایسا وعدہ کیا گیا ہے - اب اس وعدہ کو واپس لینے کی کوشش کریں تو نہایت سختی ہوگی - اکثر لوگ اکثر مقامات پر کاشت کرتے آرہے ہیں اب اس قانون کو متعلق کرکے زمینات چھینی جائیں تو یہ نامناسب ہوگا - ان چار پانچ سالوں میں انہیں کچھ زمین ملگئی ہے اور انہیں کچھ اطمینان نصیب ہوگیا ہے اور اب ان سے زمین چھین لی جائے تو اسکے معنے یہ ہیں آپ انکی زندگی سے کھیل رہے ہیں اور انکی روٹی چھین رہے ہیں - آپ یہ سمجھتے ہیں کہ اکثر لوگ بنچرائی کے خلاف ہیں - اسلئے آپ انہیں کاشت نہ کرنے دینگے - کل ہی کی بات ہے کہ بھونگیر تعلقہ سے ہریجن اور پست طبقہ کی جانب سے لوگوں کو فراہم کرکے چار پانچ لاریوں میں حیدرآباد لارہے تھے تاکہ گورنمنٹ کے پاس رپریزنٹیشن کیا جائے - وہ

ایسے لوگ ہیں جو اب حال سے نہیں بلکہ گذشتہ ۲۰ سال سے کاشت کررہے ہیں ور وہاں دس فیصد تو کیا پانچ فیصد بھی بنچرائی نہیں ہے - ایسے لوگوں سے زمینات واپس لینے کے لئے مظاہرے کئے گئے اور کانگریس کی جانب سے ہینڈ بلس بانٹے گئے ہیں- یہ کہا گیا ہے کہ بنچرائی نہ ہوتو تمہارے جانور کہاں چرینگے اور جلانے کی لکڑی کہاں سے لائینگے - لیکن آپ دیکھئے کہ ان اراضیات پر جو لوگ کاشت کررہے ہیں وہ کون ہیں - وہ سینکڑوں سال سے کچلے ہوئے طبقہ کے ہریجن ہیں جنکا آپ ہر وقت دم بھرتے ہیں کہ ہم انکی بھلائی کرتے ہیں - آپ ہریجنوں کے داوک ہیں اور انکی بھلائی کی سوچتے ہیں اسلئے ہم آپ سے یہ استدعا کرتے ہیں کہ انکی بھلائی کی جائے اور انکے خلاف کچھ نہ کیا جائے - آپ انکے جلوس کو دفعہ ۱۴۴ نافذ کرکے نہ روکتے تو معلوم ہوتا کہ اس میں کون لوگ ہیں - آپکو معلوم ہوتا کہ ان اراضیات پر رہنے والوں پر کیا سختیاں ہوئی ہیں - اسلئے آپ یہ نہ دیکھئے کہ یہ تحریک پی - ڈی - ایف پارٹی کی طرف سے پیش ہوئی یا کمیونسٹ پارٹی کی طرف سے پیش ہوئی ہے - بلکہ معاملہ کی اہمیت کو دیکھئے اور سنجیدگی سے سوچئے - ۱۰ فیصد سے کم رقبہ ہونے کی وجہ سے آپ انکو بیدخل کرینگے تو اسکا اون پر کیا اثر پڑیگا اس پر غور فرمائے - اسلئے میں امید کرتا ہوں کہ ہاؤز میری تحریک کو منظور کریگا - ایک اور چیز مجھے عرض کرنا ہے - پرسوں ہی میں نے اخبار میں پڑھا ہے کہ جہاں زائد از دس فیصد رقبہ ہے وہاں بیدخل کرینگے - ہم اسکو خوش آمدید کہتے ہیں - لیکن ان مقامات میں جہاں سنہ ۱۹۵۲ع کے بعد بلا اجازت کاشت کرتے آرہے ہیں انکو بیدخل کرکے کن کو دینے والے ہیں اسکی صراحت نہیں ہے - ہم اس پر کئی ونت آنریبل منسٹر کو توجہ دلائے ہیں تو انہوں نے کہا ہے کہ سابق سے جو کاشت کرتے آرہے ہیں انکو بید خل نہیں کرینگے - انکو ویسا ہی رکھینگے - ایسے احکام اجرا کرنے کا ریوینیو منسٹر صاحب نے وعدہ فرمایا تھا لیکن ایسا نوٹیفیکیشن نہیں آیا - آفس کو ہدایت نہ دی یا غلطی سے چھوٹ گیا معلوم نہ ہوا - لیکن ایسے احکام جاری کرنے کے بارے میں ہم نے منسٹر صاحب سے ڈسکشن کیا تھا اس سلسلہ میں بھی منسٹر صاحب غور فرمائیں - جو لوگ اج کاشت کررہے ہیں انہیں بلا اجازت کاشت کرنے والے کہکر علحدہ نہ کیا جائے بلکہ انکے نام پٹہ کریں اور انہیں بحال رکھیں - اس کےعلاوہ گذشتہ زمانہ میں جو تاوان عائد کئے گئے ہیں انکو معاف فرمانے کا اعلان فرمائیں - اگر اسکے خلاف اسٹانڈ لینگے تو غریبوں پر سختی ہوگی - ہر جگہ لاکھوں روپیے کا تاوان کیا گیا تھا اسلئے عام معافی ضروری ہے - ہم حکومت کے پاس اس سلسلہ میں ریپریزنٹیشن کئے ہیں لیکن اسکا کیا ہوا معلوم نہیں - یہ اسٹانڈ نہ لیا جائے کہ اندروں دس فیصدی ہے اسلئے ہم کسی کو بھی نہ دینگے - کیونکہ جو واقعات ہوچکے ہیں وہ ہوچکے ہیں کانگریس پارٹی - کمیونسٹ پارٹی اور دیگر پولیٹیکل پارٹیز سب اسکے ذمہ دار ہیں - اس لئے اب انکے نام پٹہ کیا جائے اور آئندہ کے لئے دس فیصدی کے تعلق سے سختی سے عمل کیا

جائے - جہاں زائد از دس فیصد رقبہ نہ ہو وہاں نہ دیں - لیکن سابقہ چیزوں پر اب نظر ثانی نہ کی جائے - اتنا کہتے ہوئے میں ہاؤز سے اجازت لینا چاہتا ہوں -

Point of Order re : adjourning of discussion on the resolution re : disintegration of Hyderabad State.

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—अध्यक्ष महोदय, आनरेबल मेंबर तकरीर कर रहे थे अिसलिये बीच में अिंटरप्ट करना मैं ठीक नहीं समझा। लेकिन हाअुस के सामने मैने और दीगर लोगों ने भाषावार प्रांत रचना के बारे में अेक प्रस्ताव रखा था। अुस पर विवाद चल रहा था लेकिन वह आज बंद हुआ है। वह किस रूल के तहत बंद हो सका अिसके बारे में मैं पॉंअिट ऑफ आर्डर (Point of Order) रखना चाहता हूं। और यह वजाहत चाहता हूं कि अेक रेजोल्यूशन ड्राप (Drop) कर के दूसरा रेजोल्यूशन कैसे लिया गया ?

مسٹر چیر من :— اڈجورنمنٹ موشن آیا اور ہاؤز نے اسکو قبول کیا -

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—मैं पूछना चाहता हूं कि कौन से रूल के तहत अिस तरह से अडजर्नमेंट मोशन लाया गया और अुसको मान लिया गया ? अिस हाअुस के जो रूल्स हैं अुनमें अेक रेजोल्यूशन पर डिसकशन हो रहा हो तो अुसको पोस्टपोन करने की कहीं भी गुंजाअिश नहीं है। अिसलिये में जानना चाहता हूं कि अिसको कैसे पोस्टपोन किया गया ?

Shri R. B. Deshpande (Pathri): The issue has been decided by the hon. Speaker himself.

Shri V. D. Deshpande: I want the clarification from the Chair, but not from the other hon. Members.

مسٹر چیر من :— اڈجورنمنٹ موشن کو ہاؤز کے سامنے رکھا گیا اور ووٹ لینے کے بعد اس کو طے کردیا گیا اسلئے اب اسکو اوپن (Open) کرنے کی ضرورت نہیں ہے -

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—मैं अिस रेजोल्यूशन का मूव्हर था, और मेरा हक मारा गया है। लेकिन मुझे पता नहीं चल रहा है कि कौन से रूल के तहत यह डिसीशन (Decision) लिया गया। रेजोल्यूशन पर डिसकशन शुरू होने के बाद रूल्स के तहत वह डिसकशन पोस्टपोन नहीं किया जा सकता। अलबत्ता क्लोजर मोशन लाया जा सकता है। मैं जानना चाहता हूं कि क्या अैसा कोअी क्लोजर मोशन लाया गया था, और क्या अुस पर वोटिंग हुअी या नहीं ? मैं वह जानना चाहता हूं। अगर अैसा नहीं हुआ है तो फिर वह किस रूल के तहत अॅडजर्न किया गया यह जब तक मुझे मालूम न हो तब तक में अपने हक से कैसे महरूम हो सकता हूं ?

شری کے - وینکٹ رام راؤ :— جب کوئی موشن ہاؤز کے سامنے ہوتا ہے تو اسکی کاپیز ہم کو سپلائی کی جاتی ہیں - لیکن اسکی کاپیز سپلائی کئے بغیر ڈسکشن ہو رہا ہے لہ ہم اسکی وضاحت چاہتے ہیں -

Mr. Chairman : According to May, "In the midst of the debate upon a question any Member may move, 'That this House do now adjourn', or 'That the debate be now adjouned', not by way of amendment to the original question, but as a distinct question, which interrupts and supersedes that already under consideration. The use of the motion for the adjournment of the House to supersede another question must be distinguished from its use as a substantive motion, *i.e.* before or between the orders of the day, when it can only be moved by a member of the Government. It need scarcely be explained that a dilatory motion cannot be made while a member is speaking, but can only be offered by a member who, on being called by the Speaker in the course of the debate, is in possession of the House."

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—मैं आपकी तवज्जेह् रूल नंबर ४५ की तरफ मबजूल कराना चाहता हूं। अुसमें लिखा है कि——

"A motion that consideration of a Bill which has been introduced or of any motion moved in the Assembly be adjourned to any future day in the same Session available for such business or to any future Session of *sine die* may be moved by any member at any time (except when a member is speaking,) and such motion shall take precedence over any other motion than before the Assembly. The Speaker after permitting a brief explanatory statement from the mover of the motion and, if the motion is opposed from the member opposing the motion, may without further debate put the question thereon".

अगर कन्सीडरेशन के पहले किसी मोशन के बारे में तजवीज पेश की जाय कि अुसका डिसकशन पोस्टपोन किया जाय तो वह अलौ (Allow) किया जा सकता है। लेकिन यहां पर डिसकशन शुरू हुआ, दस पांच स्पीचेस भी हुअीं, और दरमियान में अुसको अॅडजर्न कर के दूसरे रेजोल्यूशन पर डिसकशन शुरू किया गया। अैसा नहीं किया जा सकता, यह अिस रूल से मालूम होता है। 'मे' ज पार्लियामेंटरी प्रॅक्टिस को जो कोट किया गया है, अुसकी गुंजाअिश हमारे रूल्स में नहीं है। अिसलिये यह जो डायलेटरी मोशन (Dilatory Motion) लाया गया था वह किस तरह से अलौ किया जा सकता है यह सवाल है। अिसलिये मेरा आब्जेक्शन है। मैं समझता हूं कि यह रूल्स के खिलाफ बात हो रही है। मैं और साथ ही साथ और भी सात आठ लोग अिस रेजोल्यूशन के मूव्हर थे, और अुनको अपने ख्यालात अिस पर जाहिर करना था लेकिन अुनको मौका नहीं मिल सका। हमारे रूल्स में क्लोजर के सिलसिले में जो रूल ४७ है अुसको मैं पढ़कर बताना चाहता हूं।

"At any time after a motion has been made, a member may move: 'That the question be now put', and, unless it appears to the Speaker that such motion would infringe the rights of reasonable debate, the Speaker shall, without any debate, forthwith put the question, 'That the question be now put'."

मगर रीजनेबल डीबेट का जो राअिट है अुसमें अिंटरफिअरन्स नहीं हुआ है तो अुस सूरत में क्लोजर मोशन अलौ किया जा सकता है। यहां न क्लोजर मोशन है न कन्सीडरेशन के पहले रद करने का सवाल है। यहां सिर्फ कहा जाता है कि अिसका डिसकशन अॅडजर्न किया जाय हमारे रूल्स के तहत अिसका डिसकशन अॅडजर्न करने के लिये कैसे रूलिंग दी जा सकती है? अैसा डायलेटरी किस्म का कोअी मोशन आता है तो अुसको अलौ नहीं किया जा सकता। अिसके बारे में भी अिसमें अेक जगह साफ साफ बताया गया है।

مسٹر چیر من :— موشن کو رد نہیں کیا گیا ہے بلکہ ڈسکشن (discussion) اڈجورن (Adjourn) کیا گیا ہے -

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—वह कौन से रूल्स के तहत किया गया है वही मैं जानना चाहता हूं। हमारे रूल्स में अिसकी अिजाजत नहीं है। अिससे मेरे हक पर अिफेक्ट हो रहा है। मैं समझता हूं कि जब अिस तरह का डायलेटरी मोशन आता है तो अुस पर हाअुस को आअिज और नोज कह कर पोस्टपोन (Postpone) करने का हक नहीं है। अिसलिये मेरी गुजारिश है कि हम को अिस पर फिर से डिसकशन करने का मौका मिलना चाहिये।

مسٹر چیرمن :— آنریبل اسپیکر نے موشن کو الاؤ (Allow) کیا اور اوسکا تصفیه بھی ہو گیا -

شری گوپال راؤ اکبوٹے :— اسپیکر سر- اس کے جواب میں میں کچھ وضاحت کرنا چاہتا ہوں - آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن کو کچھ غلط فہمی ہوئی ہے- یہ در اصل کلوژر (Closure) کا موشن نہیں ہے - ہوتا یہ ہے کہ جب کسی موشن یا ریزولیوشن پر هاؤس میں ڈیبیٹ ہوتی ہے تو کچھ تقریریں ہونے کے بعد اگر کسی ممبر کی یہ رائے ہو کہ ڈیبیٹ ملتوی ہونی چاہئے یا ڈسکشن کلوز (Close) ہونا چاہئے تو ایسا ہوسکتا ہے - پارلیمنٹری پراکٹس میں جو ڈائلیٹری موشنس (Dilatory motions) ہوتے ہیں ان کے تین اقسام ہیں- یہ موشن ڈیبیٹ کے درمیان میں ہی آتے ہیں- اور ڈیبیٹ ختم ہونے سے پہلے ہی درمیان میں ہر ایک ممبر کو یہ حق ہے کہ وہ کھڑے ہو کر ان تین قسم کے ڈائلیٹری موشنس میں سے کوئی بھی پیش کرے - پہلی قسم یہ ہوتی ہے کہ وہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ

"That the House be adjourned"

اس طرح اڈجورنمنٹ موشن لا سکتے ہیں - دوسری قسم میں وہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ

"That the debate now be adjourned",

اس میں یہ ہوتا ہے کہ ہاؤس اڈجورن نہیں ہوتا - جس مسئلہ پر ڈبیٹ ہوتی ہے وہ مسئلہ اڈجورن ہوجاتا ہے - پہلی صورت میں ہاؤس اڈجورن ہو جاتا ہے اور مابقی ایجنڈے کا بزنس نہیں لے سکتے - تیسری صورت امنڈمنٹ کا طریقہ ہے - امنڈمنٹ کے ذریعہ یہ الفاظ شریک کئے جاتے ہیں کہ یہ مسئلہ سائن ڈائی (Sine-Die) ملتوی ہو - اسطرح تین طریقے ہوسکتے ہیں - میز پارلیمنٹری پراکٹس (May's Parliamentary Practice) کے لحاظ سے یہ ول نون پراکٹس (Well Known Practice) ہے - ہاؤس آف کامنس (House of Commons) اور دوسرے لیجسلیچرس میں جہاں بھی پارلیمنٹری پراکٹس پر عمل ہوتا ہے یہ طریقہ رائج ہے - جب ہاؤس میں نان کمیٹل ڈسیشنس (Non-Committal Decisions) دینا چاہتے ہیں یا ڈبیٹ کو ملتوی کرنا چاہتے ہیں تو اس قسم کے ڈائلیٹری موشنس لا سکتے ہیں - اس میں کوئی شبہ کی گنجائش نہیں ہے - آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن نے دفعہ ۳۰ کی جانب توجہ مبذول کرواتے ہوے کہا کہ یہ موشن ڈبیٹ شروع ہونے سے پہلے لانا چاہئے تھا - میں نے تین قسم کے ڈائلیٹری موشنس بتلائے ہیں - اور پارلیمنٹری پراکٹس اور کنونشنس اسی طرح کے ہیں - اسی طرح ابھی ایک آنریبل ممبر نے عمل کیا -

اس کے علاوہ ایک اور طریقہ سوپرسیڈ (Supersedé) کرنے کا ہے - کوئی بھی ممبر یہ کوئسچن پیش کرسکتا ہے کہ جو موشن اس وقت زیر بحث ہے اس سے پہلے میرا موشن لیا جائے - اس طرح ہاؤس کی کارروائی کو ایویڈ (Evade) کرنے والا کوئی ڈسیشن لے سکتے ہیں - اس سلسلہ میں ، میں عالی جناب کی توجہ میز پارلیمنٹری پریکٹس کے صفحہ ۳۸۷ کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں - اس میں یہ بتایا گیا ہے کہ

The modes of evading or superseding a question are : (1) by moving the adjournment of the House or of the debate (the so-called "dilatory" motions) ; (2) by moving the previous question ; and (3) by amendment.

جیسا کہ میں نے ابھی کہا سوپرسیڈنگ کوئسچن (Superseding question) موو کر کے اوریجنل کوئسچن (Original question) کو روکا جاسکتا ہے - یہ بھی طریقہ ہے - اور امنڈمنٹ کے ذریعہ بھی - ایک طریقہ جو آنریبل ممبر نے ظاہر کیا وہ نوٹ ون (Note I) کی شکل میں آتا ہے - آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن اس پر خاص طور پر توجہ کریں -

(1) *By Adjournment of the house or debate :* In the midst of the debate upon a question any Member may move, "That this House do now adjourn", or "That the debate be now adjourned," not by way of amendment to the original question, but as a distinct question, which interrupts and supersedes that already under consideration,

جو ریزولیوشن ہمارے سامنے کنسیڈریشن کے لئے ہے اس میں سوپرسیڈ کرنے والا موشن درمیان میں آسکتا ہے ۔

"The use of the motion for the adjournment of the house to supersede another question must be distinguished from its use as a substantive motion, *i.e.* before or between the orders of the day, when it can only be moved by a member of the Government. It need scarcely be explained that a dilatory motion cannot be made while a Member is speaking, but can only be offered by a Member who, on being called by the Speaker in the course of the debate, is in possession of the House. If this second question be resolved in the affirmative, the original question is superseded."

یہ پارلیمنٹ کی ول نون پریکٹس ہے ۔ اس طرح ڈسیشن ہوگیا ۔ اور جس وقت ڈسیشن ھاؤس میں دیا گیا بہت ممکن ہے کہ اس وقت آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن ھاؤس میں موجود نہوں ۔ ممکن ہے یہ ھاؤس کی بدقسمتی ہو یا کچھ ہو لیکن ھاؤس کسی کے لئے انتظار تو نہیں کرسکتا تھا کہ کون رکن موجود ہیں اور کون سے نہیں ہیں ۔ میجارٹی کے ذریعہ وہ موشن کیاری اوٹ (Carry-out) ہوگیا ۔ اس ڈسیشن پر مکرر غور کیا جانا پارلیمنٹری پریکٹس کے متضاد ہے ۔ ظاہر ہے کہ جو ڈسیشن ہوتا ہے اس کا رسپکٹ (Respect) کرنا ڈیموکریٹک کنڈکٹ (Democratic conduct) کے لئے ضروری ہے ۔ میں نہایت ادب کے ساتھ یہ عرض کرونگا کہ اس مسئلہ پر ڈسکشن ہونا چاہئے یا نہیں یہ دوسرا مسئلہ ہے لیکن ڈیموکریٹک کنڈکٹ کے تحت جو بھی ڈسیشن ہوچکا ہے اس کو رسپکٹ دینا ضروری ہے ۔

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—अेक बहुत ही अेनलाअिटेन्ड स्पीच (Enlightened Speech) ऑनरेबल मिनिस्टर फॉर असेंब्ली ने हमारे सामने की, और बहुत सी बातें मेज पालियामेंटरी प्रॅक्टिस से कोट कीं अिसलिये मैं अुनका मश्कूर हूं। लेकिन मैं यह हाअुस के सामने रखना चाहता हूं कि जब हाअुसके सामने अेक स्टेटमेंट ऑनरेबल मिनिस्टर फॉर होम के बारेमें आयाथा अुस वक्त कन्वेन्शन (Convention)की तरफ मैं ने तवज्जेह दिलाते हुअे यह रखा था कि हमारे यहां पालियामेंट में लोक सभा और राज्यपरिषद और अिंग्लैंड में हाअुस ऑफ कामन्स में अैसा स्टेटमेंट दिये जाने के बाद अुस पर डिसकशन होता है। अुस वक्त ऑनरेबल स्पीकर साहब ने कहा कि वहां अैसा कन्वेन्शन हो सकता है लेकिन जब तक वह हमारे यहां के रूल्स में न हो या अुसके लिये प्रोवीजन (Provision) मौजूद न हो तब तक हम अुसको फॉलो नहीं कर सकते। आज भी जो चीज अिस हाअुसमें लाअी गअी है अुसके बारे में मैं यही अर्ज करूंगा कि हाअुस ऑफ कामन्स में शायद अैसी प्रॅक्टिस हो, लेकिन जब हमारे रूल्स में अुसके लिये गुंजाअिश नहीं है तो अुसको नहीं लिया जा सकता। सेक्शन ४६ में साफ कहा गया है कि—

"If the Speaker is of opinion that a motion for the adjournment of a debate is an abuse of the rules of the Assembly,

he may either forthwith put the question thereon from the Chair or decline to propose the question".

तो अिसके बारे में वोट ऑनरेबल स्पीकर साहब ले सकते हैं। लेकिन डायलेटरी मोशन आता है तो वह नहीं लिया जा सकता। यह रूल जब कोअी डायलेटरी मोशन शुरू में आया है और जिसके अूपर डिसकशन नहीं हुआ है अुसकी हद तक अिसको रखा गया है। अिस तरह से हमारे रूल्स में आज यहां जो डायलेटरी मोशन रखा गया है अुसके लिये प्रोवीजन नहीं है। मुमकिन है आयंदा अैसा प्रोविजन किया जाय। लेकिन आज वह नहीं है। मैं तो यह समझता हूं कि हुकूमत यह नहीं चाहती कि अुसकी पार्टी को वोट देने का मौका दिया जाय। और चूंकी पार्टी व्हिप के तहत अुनको चेक नहीं किया जा सकता, अिसलिये अिस तरह का डायलेटरी मोशन लाकर डिसकशनको मुल्तवी कर दिया गया, और अपनी पार्टी और हाअुस के मेंबरों को अिस मसले पर अपनी असली राय देने से महरून किया गया। अिसलिये मैं अिस के खिलाफ रेकार्ड में सख्त प्रोटेस्ट (Pro est) दर्ज कराना चाहता हूं। जब हमने ऑनरेबल होम मिनिस्टर साहब के स्टेटमेंट पर डिसकशन का अिजाजत मांगा और कन्वेन्शन बताये तो हमको अिजाजत नहीं दी गअी। लेकिन आज हाअुस ऑफ कामन्स के कन्वेन्शन्स का और मेज पार्लियामेंटरी प्रॅक्टिस का सहारा लेकर डेमॉक्रसी, पार्लियामेंटरी कन्वेन्शन्स और प्रॅक्टिसेस का अुपदेश हमें किया जा रहा है। जब हम अिन्हीं का हवाला देते हुअे अिजाजत मांग रहे थे तब आपका ये सारी बातें कहां गअी थीं ? अुस वक्त तो आपने हमारी मांग ठुकरा दीं। लेकिन अब चूंकी पार्टी के कुछ अिंटरनल वजूहात की बिना पर यह जरूरत महसूस की जा रही है कि अिस पर किसी सूरत में वोटिंग न हो अिसलिये अेक डायलेटरी मोशन रखा जाता है, और डिसकशन को टाला जाता है। मैं अिसके खिलाफ सख्त प्रोटेस्ट करना चाहता हूं, औंर मूव्हर आफ दि रेजोल्यूशन के नाते अर्ज करता हूं कि दूसरे रेजोल्यूशन पर बहस होने के पहले अुस पहले रेजोल्यूशन पर बहस जारी रखी जाय।

* چیف منسٹر (شری بی - رام کشن راؤ) :- مسٹر اسپیکر سر- میں نے ابھی آنریبل دوست کی تقریر اور اون کا ڈسکشن سنا - مجھے خود افسوس ھے کہ انہیں اپنے موشن پر ھاؤس میں رائے دینے کا موقع نہیں ملا - لیکن اس کے یہ معنی نہیں ھیں کہ میں ان کی اس قانونی رائے سے اتفاق کروں - اصل میں ابھی لیڈر آف دی اپوزیشن نے فرمایا کہ ھمارے قواعد اور رولس میں اس کی کوئی گنجائش نہیں ھے- کنونشن (Convention) پر استدلال کیا گیا - کنونشنس قائم ھوتے ھیں، کہیں دیر سے ھوسکتے ھیں اور کہیں جلد ھوسکتے ھیں - نہیں بھی ھوسکتے اور ایک اسمبلی کا کنونشن دوسری اسمبلی کے لئے نظیر بھی نہیں ھوسکتا - میرا استدلال ھے کہ اس خصوص میں ڈفنٹ رول (Definite Rule) موجود ھے - رول (۴۰) (۱) یہ ھے :

"A motion that consideration of a Bill which has been introduced or of any motion moved in the Assembly be adjourned to any future day in the same Session available for such business or to any future Session or *sine die* may be moved by any member at any time (except when a member is

speaking), and such motion shall take precedence over any other motion than before the Assembly. The Speaker after permitting a brief explanatory statement from the mover of the motion and, if the motion is opposed from the member opposing the motion, may, without further debate, put the question thereon.

(2) The Speaker may disallow any motion for the adjournment of any business if, in his opinion, such motion is made for the purpose of securing the adjournment of the meeting".

اس کے بعد یہ ہے کہ

(3) A motion under this rule cannot be made more than once during the debate of any question.

رول ۵۴ ڈفنٹ (Definite) ہے - اس کے سب رول (۱) کے تحت آنریبل اسپیکر نے عمل کیا . . . .

اس رقبہ کو بھی اپنے نام یا رعایا کے نام پٹہ کرکے اس سے بھی وہ مستفید ہونے کی کوشش کئے ۔ جب قانوناً جاگیری اور خالصہ کے حقوق مساوی طور پر رکھے گئے ہیں تو پھر یہ بھی حق ہونا چاہئیے کہ انکے جانور بھی مساوی حق کے ساتھ چرائے جاسکیں ۔ وہاں پرمبوک ہو تو مزروعہ رقبہ کا ۱۰ فیصد گائران کے لئے مختص کردیا جائے اور اس کے بعد جو بچے اس میں سے پست اقوام کو دیا جائے ۔ اس کے بعد دوسروں کو ترجیح دی جائے ۔ میں ایک مثال دیتا ہوں ۔ دنیا میں ایک کروڑ پتی بھی زندہ رہتا ہے اور چار آنے کمانے والا مزدور بھی زندہ رہتا ہے ۔ فرق یہ ہوتا ہے کہ ایک آرام سے زندگی بسر کرتا ہے اور دوسرا تکلیف سے ۔ میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ جہاں جاگیری رعایا تکلیف میں ہے وہاں دس فیصد مقرر کرنے کے بعد باقی اراضی ہریجنوں کو دیدی جائے تو کون اوس سے انکار کرسکتا ہے ۔

اس کے بعد یہ کہا گیا ہے کہ اراضیات کے پٹہ کے تعلق سے کس قسم کی شہادت کا لحاظ کیا جائے ۔ بعض معزز ممبران نے یہ شکایت پیش کی کہ جمعبندی کے کاغذات میں انکا نام نہیں ہے ۔ پہانی پترک میں اور دیگر متعلقہ کاغذات میں انکا نام نہیں ہے ۔ لیکن یہ تو نہیں کہا جاسکتا کہ ہر موضع میں لازمی طور پر ایسا ہوا ہے ۔ مستثنیات ہوسکتے ہیں ۔ لیکن عام طور پر نام رکھنے کے لئے حکم دیا گیا ہے اور عام طور پر رکھا گیا ہے ۔ اور جہاں ایسا نہیں ہوا وہاں زبانی شہادت پیش کرسکتے ہیں ۔ قانون میں ایسا تو نہیں ہے کہ زبانی شہادت نہیں لاسکتے اور پٹہ نہیں کیا جاسکتا ۔

شری کے ۔ وینکٹ رام راؤ :— یہی بات آپ منسٹر صاحب سے منوا لیجئے ۔

شری جے ۔ رام ریڈی :— آپ سنئے تو سہی ۔ پہلے کا قبضہ ہو تو آپ گواہوں کو لاکر دس سال کا قبضہ بھی بتلا سکتے ہیں ۔ ہر قانون کے مستثنیات ہوسکتے ہیں ۔ اگر ہمارے قانون میں کوئی خامی ہو تو ہم اس پر غور کرینگے اور اسکی اصلاح کرینگے ۔

شری پنڈم واسدیو :— آپ منسٹر صاحب کو سمجھائیے ہمیں نہیں ۔ شائد منسٹر صاحب کو معلوم نہیں ہے ۔

شری جیے - رام ریڈی :— عموماً یہ دیکھا گیا ہے کہ تاوان غلط فہمی سے عائد کیا گیا - در اصل تاوان عائد کرنے کا مقصد نہ تھا - اگر پورے پانچسو آدمیوں پر تاوان عائد کیا گیا اور صرف پچاس آدمی بھی درخواست دیتے ہیں اور وہ نا واجبی تاوان ہے تو کلکٹر اس کو معاف کریگا ؟

ایک آنریبل ممبر - اعلان کیجئیے -

شری جیے - رام ریڈی :— چنانچہ ایسا ہوا - ہمارے معزز ڈپٹی منسٹر صاحب جب میری کانسٹیٹیونسی تشریف لائے تھے اور رعایا نے ایسی شکایت کی تو انہوں نے کلکٹر سے یہ کہا کہ اگر تاوان عائد ہوا ہے تو معاف کیا جائے - ایک آدمی کی طرف سے مرافعہ کرنے میں مصارف زیادہ ہوتے ہیں اس لئیے مشترکہ طور پر درخواست دی جائے -

شری اے - رامچندرا ریڈی (رامائن پیٹھ) :— اس قسم کا حکم زبانی دئے ہیں یا تحریراً دئے ہیں -

شری جیے - رام ریڈی :— اس کے بعد مجھے زیادہ عرض کرنا نہیں ہے - مجھے صرف یہ کہنا ہے کہ تاوان کی معافی کے لئیے کارروائی کی جاسکتی ہے اور ہم رعایا کی مدد کرنے کے لئیے تیار ہیں -

شری پنڈم واسدیو :— آپ کہتے ہیں مشترکہ درخواست دیسکتے ہیں اور منسٹر صاحب فرماتے ہیں منفرداً درخواست دو میں مشترکہ درخواست کو نہیں مانتا -

شری جیے - رام ریڈی - میں اپنی رائے ظاہر کررہا ہوں -

شری کے - ایل - نرسمہاراؤ :— ابھی تو آپ فرما رہے تھے - ایسے آرڈرس ہیں -

شری جیے - رام ریڈی :— میں نے کہا اور میرا مطلب یہ ہے کہ مشترکہ درخواست پیش کرنے کے لئیے خاص احکام ہیں اور درخواست دی جاسکتی ہے -

شری کے - وی - رنگا ریڈی :— میں آنریبل ممبرس کو یاد دلاتا ہوں کہ ایک پرانی گشتی ہے - شائد تیس سال سے یہ گشتی موجود ہے اور اس پر عمل ہوتا ہے - جملہ موضع کی رعایا مرافعہ کرتی ہے تو اس کے لئیے ٹکٹ کی ضرورت نہیں ہے -

شری پنڈم واسدیو :— اسپیکر سر - پرانے زمانہ کی گشتی کے متعلق فرما رہے ہیں لیکن وہ عمل میں نہیں ہے -

شری جیے - رام ریڈی :— اگر ایسے احکام ہونے کے باوجود عہدہدار متعلقہ توجہ نہیں کررہے ہیں تو ہماری یہ کوشش ہونی چاہئیے کہ انکی توجہ اس طرف مبذول کرائیں -

شری پی ۔ لکشمیا (نلگنڈہ ۔ محفوظ) :— ۳۰ روپیے کا ٹکٹ لے گئے ہیں ۔ میں بتلا سکتا ہوں ۔

شری جے ۔ رام ریڈی :— قانون ہونے کے باوجود کوئی فائدہ نہیں اٹھاتے ہیں تو ہم کچھ نہیں کرسکتے ۔ سابقہ حکومت کے دور میں کانگریس کے ریپریزنٹیشن پر ہی اس قسم کے احکام جاری ہوئے ۔ اگر کہیں اس پر عمل نہیں ہورہا ہے تو یہ اور بات ہے لیکن ایسا عمل ہونا چاہیئے ۔

شری کے ۔ وی ۔ رنگا ریڈی :— جمعبندی کے لئے رسوم کی ضرورت ہی نہیں ہے ۔ اتنا ہی نہیں بلکہ الگ الگ نقول لینے کی بھی ضرورت نہیں ہے ۔ اگر الگ نقل لیتے ہیں تو انکی شامت آئی ہے ۔ ایک نقل لیتے ہیں تو کافی ہے ۔ اگر پچاس نقول الگ الگ لیتے ہیں تو اس میں تحصیلدار کا کیا قصور ہے ۔

شری اے ۔ راج ریڈی :— ایک گاؤں میں ایک تجویز کی ناراضی سے ۲۰ - ۳۰ شروعات کئے جارہے ہیں ۔ اس کے علاوہ وکالت نامہ کے ٹکٹ لگانا پڑتا ہے اور طلب نامہ اور ٹپہ کے ٹکٹ بھی لگائے جاتے ہیں ۔ بڑے پیمانے پر تاوانات ہونے کی وجہ سے اس سال یہ ایک مسئلہ بن گیا ہے ۔ گذشتہ اور پیوستہ سال ایسا نہیں تھا ۔ اس میں بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑرہا ہے ۔

شری جے ۔ رام ریڈی :— اس کے لئے میں سمجھتا ہوں کہ ایک پروسیجر ہے جس پر عمل پیرائی ہونی چاہئیے ۔ مجھے ان سوالات کے جواب دینا نہیں ہے اس کے بعد ایک آنریبل ممبر نے پٹہ کرنے کے تعلق سے کہا کہ ایک کمیشن مقرر کیا جائے میں سمجھتا ہوں کہ اس کے لئے کمیشن مقرر کرنے کی کوئی ضرورت ہی نہیں ہے جن کا لازمی طور پر پٹہ ہونا چاہئیے انکا پٹہ تو بہر صورت کیا جاتا ہے ۔ اس لئے میں چاہتا ہوں کہ اس ریزولیوشن کو نامنظور کیا جائے یا میں امید کرتا ہوں کہ موور اس کو واپس لینگے ۔

شری مادھو راؤ سوائے (قندھار ۔ محفوظ) :— مسٹر اسپیکرسر ۔ آج کا یہ اڈجورنمنٹ موشن یا ریزولیوشن بہت اہم ہے اس لئے کہ بھوکے ہریجنوں کو زمین دلا کر انکی بیروزگاری دور کرنے کے لئے ہے اور اون ہریجنوں کے لئے جن کو بھوک سے نجات دلانے کے لئے سہاتماجی نے انتھک کوشش کی ہے اس لئے ہاؤز کو اس پر ضرور سنجیدگی سے غور کرنا چاہئیے ۔ میرے قبل آنریبل ممبر نے اپنی تقریر میں فرمایا ہے کہ ہریجنوں کو کچھ اراضی تقسیم کی گئی ہے ایسی تھوڑی امداد پر میرا یہ کہنا غلط نہوگا کہ کاشی گئے ہوئے ضرور کہتے ہیں بلی مار کر گئے سو ذکر نہیں کرتے ۔ لیکن حیدرآباد اسٹیٹ میں جہاں چالیس بیالیس لاکھ ہریجن بستے ہیں ان کو دس بیس جگہوں پر چند ہزار ایکر اراضی تقسیم کی جائے تو اس سے کیا ہوتا ہے ۔ انکا مسئلہ جس کو تیزی سے مٹانیکی ضرورت ہے حل نہیں ہوتا ۔ ہریجنوں کے متعلق سرکیولرس نکلتے ہیں ۔ ہریجنوں کے لئے تقریر کی جاتی ہیں اور انکی بھلائی کے کام کرنے کا وعدہ کیا جاتا ہے لیکن عملا نتیجہ

کچھ نہیں نکلتا - (Cheers) جب حیدرآباد میں جنتا راج آیا تو بیچارے ہریجن بہت خوش ہوے یہ سمجھکر کہ اب انکی بیروزگاری دور ہو جائیگی اور انہیں فاقہ کشی سے نجات سلیگی - وہ یہ سمجھے تھے کہ انہیں نظام راج میں جو کچھ بھی اراضیات ملیں تھیں وہ کم تھیں اب انہیں بہت اراضیات سلینگی اور انکے زیادہ سے زیادہ حقوق بھی ملینگے - لیکن اس کا ریزلٹ (Result) آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ سابقہ حکومت سے ملی ہوئی جہاں کہیں بھی انکی اراضیات ہیں اون سے بھی انہیں بیدخل کیا جا رہا ہے جس کی کئی مثالیں ملینگی - میں جب کبھی اپنی کانسٹی ٹیونسی میں جاتا ہوں تو ہریجن لوگ پڑاؤ زمینات اور نوکریاں دلانیکے متعلق میرا پیچھا اٹھاتے ہیں اس لئے میں جب ان سے درخواست لیکر پیش کرتا ہوں تو نوکری کے بارےمیں ہر محکمہ سے جواب ملتا ہے کہ جائداد خالی نہیں ہے اور زمینات کے متعلق تحصیل سے لیکر کلکٹر آفس تک کہا جاتا ہے کہ زمینات میں گنجائش نہیں ہے - اس طرح کبھی عہدہدار ٹالتے ہیں کہیں پٹیل پٹواریاں اپنے دفتر میں غلط عمل بتاتے ہیں - اور بوجہ گنجائش کہیں ہریجنوں کو اراضی گال پیرا یا گائران وغیرہ ملنے کا اندازہ ہے تو پٹیل پٹواری موضع انکے خلاف کسی دوسرے شخص کو یا رعایا کو لڑانیکے لئے تیار کرتے ہیں - اس لئے زمینات ہریجنوں کو نہیں ملتے - مرہٹواڑی میں پہلے تو کہیں گنجائش ہی نہیں نکلتی اور اگر کہیں گنجائش نکلتی بھی ہے تو پٹیل پٹواری دوسروں سے درخواست دلوا کر ہریجنوں کو محروم کرتے ہیں جیسا کہ ابھی ابھی منسٹر صاحب نے فرمایا کہ گائران کے لئے جو درخواستیں آئی ہیں اس کے خلاف دوسروں کے درخواستیں آئے تو اس میں حکومت کا کیا قصور ہے - در اصل اس پر غور کرنے سے پتہ چلیگا کہ کلکٹر کیا کرتے ہیں - تحصیلدار کیا کرتے ہیں اور گرداوروں اور پٹیل پٹواری کیا گول کھیلتے ہیں اور انکا کیا قصور ہوتا ہے اس کے بعد میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ایک وقت جب آنریبل منسٹر بیڑ کے دورہ پر تشریف لائے تھے تو میں نے موضع کرجتی کا ذکر ان سے کیا تھا کہ وہاں پرسپوک اور گائران کی زمینات ملا کر ایک ہزار ایکر سے زائد اراضی ہے اور صرف اندازاً ۶۰ مکانات کا موضع ہے وہاں کے ہریجنوں نے یہ درخواست کی تھی کہ ہم ہراج کا جو پیسہ ہے ہر سال دینے کے لئے تیار ہیں - اس پر منسٹر صاحب متعلقہ نے یہ جواب دیا کہ نہیں نہیں یہ زمین تو جھاڑ لگانے کے لئے ہے - تھوڑی دیر کے لئے ہم یہ مانتے ہیں کہ جھاڑ لگانا بھی ضروری ہوتا ہے لیکن کیا ایسے حالات میں جبکہ غریب انسان بھوکوں مررہے ہیں - حکومت کے پاس انکی امداد کرنے کے لئے پیسہ نہیں کیا یہ جواب صحیح ہوسکتا ہے - اسی طرح جیسا کہ میرے پہلے جو آنریبل ممبر نے کہا کہ زمینات جانوروں کی چرائی کے لئے محفوظ کی جاتی ہیں لیکن میں حکومت سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا بیلوں اور بکریوں کی قیمت انسانوں سے بڑھکر ہے جو پہلے انکا خیال کیا جاتا ہے اور جب انسان بھوکے مرتے ہیں تو انکی پروا نہیں کی جاتی (چیرز) حکومت نے سرکیولرس نکالے ہیں وہ کس لئے ہیں دو چار ماہ پہلے جب ہریجنوں نے زمین

ستیہ گرہ کی تھی تو اس میں تین ہزار سے زائد ہریجن شریک تھے جو حکومت سے مخفی نہیں ہے اس میں تعجب یہ ہے کہ اگر دوسری کوئی پارٹی ستیہ گرہ کرتی تو اسکو سیاسی سوروپ دیا جاتا تھا لیکن ہریجنوں نے تو بھوک سے نجات پانے کے لئے زمین حاصل کرنے کی مانگ کرتے ہوئے ستیہ گرہ کی تھی تو اسے بھی روک دیا گیا اور انکے لیڈروں کو رعایا کو بھکانے کا دفعہ لگا کر جیل میں بند کردیا گیا - آپ اپنے دل سے پوچھئے کہ کیا آپکا یہ عمل صحیح تھا کیا ان لیڈروں کے پیچھے لاکھوں بھوکے ہریجنوں کی آواز نہ تھی - کیا وہ زمین کی مانگ نہیں کررہے تھے - میں یہ عرض کرنا چاھتاھوں کہ جب ہریجن حکومت کے سرکیولرس اور وعدہ سے نراش ہوکر آواز اٹھاتے ہیں تو اسکو بھی کیونکر بیرحمی سے دبایا جاتا ہے - اس سے ثابت ہوتا ہے کہ حکومت کہاں تک اپنے سرکیولرس اور مہاتماجی کے اپدیش پر عمل آوری کرتی ہے - مہاتما جی کے الفاظ تھے کہ کانگریس راج میں ہریجنوں کو سہولتیں دیجائینگی - چنانچہ کانگریس کے ریزولیوشنس تو پاس ہوتے ہیں لیکن ان پر عمل نہیں ہوتا جیسا کہ نظام اپنے زمانہ میں فرمان نکالتے تھے کہ پست اقوام سے بیگار نہ لیجائے بیگار لینگے تو سخت تدارک کیا جائیگا - لیکن انکا فرمان - فرمان رہا اور بیگار برابر لیجاتی رہی - اسی طرح آج کے سرکیولرس - سرکیولرس ہیں وہ الماری میں رہتے ہیں اون پر عمل نہیں ہوتا - اسلئے آج کے سرکیولرس میں اور سابقہ حکومت کے سرکیولرس میں کیا فرق ہے - ہر ممبر ٹریژری بنچس سے پالیسی کی تائید کرتا ہے اس کا دل مانتا ہے کہ یہ کانگریس کی پالیسی نہیں ہے اور نہ یہ مہاتماجی کے الفاظ ہیں لیکن وہ حکومت کی پالیسی کی تائید کرتے ہیں اور اپوزیشن کی اچھی رائے کی بھی تائید نہیں کرتے - ایسی صورت میں ہم ہریجنوں کی بھلائی کی آشا موجودہ حکومت سے کیسے کرسکتے ہیں - یہ حال نہ صرف زمین کے معاملہ میں ہے بلکہ ہر معاملہ میں ہے چاھے نوکری ہو - ترقی ہو تبادلہ ہو کچھ ہو - ہر معاملہ میں اسی قسم کا عمل ہوتا ہے -

مسٹر ڈپٹی اسپیکر :- اپنی تقریر ریزولیوشن کی حد تک محدود رکھئیے -

شری مادھو راؤ سوائے :- میں یہ عرض کرنا چاھتا ہوں کہ یہ ریزولیوشن بہت اہم ہے اور اسکا مقصد ہریجنوں کی بھلائی ہے - اسلئے مجھے آشا ہے کہ ھاؤز کے معزز ممبران اسکی تائید کرینگے - اتنا کہکر میں اپنا بھاشن سماپت کرتا ہوں -

مسٹر ڈپٹی اسپیکر :- آپ اچھی طرح ھندی میں کہہ سکتے ہیں -

شری دھرما بھکشم (سریا پیٹھ - عام) :- میں سمجھتا ہوں کہ سب لوگ تلگو جاننے والے ہیں - پھر بھی میں اردو میں کہہ ہوں -

لاؤنی رولس کے بارے میں جو ریزولیوشن یہاں پیش کیا گیا ہے اس پر بہت ھی انٹرسٹ (Interest) کے ساتھ بحث کی جا رہی ہے - لیکن ساتھ ساتھ میں میری کانسٹیٹیونسی میں حکومت کی اس پالیسی کے تعلق سے جو تجربہ ھوا ہے وہ

هاؤز کے سامنے رکھنا چاھتا ھوں ۔ کیونکہ گورنمنٹ یا کانگریس کی رولنگ پارٹی کی طرف سے ہر وقت یہ پکار ھوتی ھے کہ ھریجن اور پست اقوام کے لئے فلاں فلاں مقامات پر فلاں فلاں زمینات دئے گئے ھیں وغیرہ وغیرہ ۔ لیکن اس گورنمنٹ کے قائم ھونے کے بعد سے ھمارے جو تجربے رھے ھیں اونکے لحاظ سے دیکھا جائے تو میں سمجھتا ھوں کہ گورنمنٹ کی لغت میں ھریجن کے معنے بدل گئے ھیں ۔ میں یہ چیلینج کے ساتھ کہہ سکتا ھونکہ عہدہ داران اضلاع سے لیکر کیبینٹ منسٹرس تک گاؤں میں بد امنی کے جو الزامات ھریجنوں پر لگاتے ھیں وہ بالکل غلط ھیں ۔ میرے کہنے کا مقصد یہ ھے کہ ہر موضع میں جہاں زمین کی مانگ ھوتی ھے وھاں کہا جاتا ھے کہ بد امنی ھو رھی ھے لیکن اس مسئلہ پر ٹھنڈے دل سے غور نہیں کیا جاتا ۔ ایک زمانہ میں جبکہ کمیونسٹ پارٹی زمین کی تحریک چلا رھی تھی تو اوس پر یہ الزامات لگائے جاتے تھے کہ انکی تحریک غیر قانونی ھے ۔ وہ ہر جگہ بد امنی پیدا کرنے اور پھوٹ ڈالنے کی کوشش کررھے ھیں ۔ انفرمیشن بیورو اور دیگر اخبارات سے اسکو تشہیر دینے کی کوشش کی جاتی تھی ۔ اسکے بعد کسان سبھا نے کال (Call) دیا تو کہنے کو تو اخبارات میں سکشن ۱۴۴ کا ذکر کیا گیا ھے لیکن نلگنڈہ میں ہر موضع میں در اصل کرفیو نافذ ھے ۔ راج پرمکھ نے یا کلکٹر نے اپنی طرف سے کرفیو کا اعلان نہیں کیا ھے لیکن حقیقتاً وہ کرفیو ھی ھے کیونکہ رات کے وقت وھاں کسانوں کو گھروں سے باھر نکلنے نہیں دیا جاتا ۔ وہ رات میں نہ کھیتوں سے گھر کو آسکتے ھیں نہ گھر سے کھیتوں کی نگرانی کرنے کے لئے جاسکتے ھیں میں پوچھنا چاھتا ھوں کہ وھاں کونسا ھندو مسلم جھگڑا ھورھا تھا اور کونسے گھر جلائے گئے جیسا کہ گلبرگہ میں جلائے گئے ھیں جہاں کرفیو نافذ کیا گیا ۔ گلبرگہ میں جہاں حقیقت میں یہ واقعات ھوئے وھاں تو کوئی دیکھنے والا نہیں ھے لیکن نلگنڈہ میں دو مہینے کے لئے کلکٹر سکشن ۱۴۴ نافذ کرتا ھے ۔ پست اقوام کو تو یہ سمجھا جاتا ھے کہ وہ سیوا کرنے کے لئے ھیں ۔ انکے ساتھ جو کچھ عمل ھورھا ھے اسکو ھم ھندوستان کے ڈیمو کراٹس کے سامنے لانے کی کوشش کرتے ھیں تو اسکو روکا جاتا ھے ۔ میں اس وقت نلگنڈہ ضلع کے مظاھرہ کے بارے میں چند الفاظ کہونگا ۔ نظام آباد اور گلبرگہ کے حادثات سے پہلے ھم نے یہ کہا تھا کہ نلگنڈہ کلکٹر آفس کے سامنے مظاھرہ کیا جائیگا ۔ وھاں ھم ۱۴ ۔ تاریخ کو ملتوی کرکے پھر ۱۸ ۔ تاریخ مقرر کئے تو اوس وقت سکشن ۱۴۴ نافذ کیا جاتا ھے اضلاع کے عہدہداران اور کلکٹر صاحبان وغیرہ مانتے ھیں کہ ۱۴ ۔ تاریخ کو تین چار سو کسان آئے تھے اور ۱۸ ۔ تاریخ کو کئی سو کسان آئے تھے سکشن ۱۴۴ اور پولیس کی ظلم و زیادتی کی وجہ سے وہ مظاھرہ نہ ھوسکا ۔ نلگنڈہ میں پانچ چھ ھزار کسان مظاھرہ کرنے والے تھے پہلے ڈسٹرکٹ آفیسرس نے انٹرویو دینے کے لئے پراسس کیا تھا لیکن بعد میں جیسا کہ تلنگانہ ڈمانسٹریشن کو ختم کیا گیا نلگنڈہ میں مظاھرین کو ملنے سے روک دیا گیا ۔ گورنمنٹ کو یہ معلوم ھونا چاھئے کہ اتنے کسان گورنمنٹ کے خلاف مظاھرہ کیوں کرنا چاھتے ھیں ۔

کسان سبھا کے پاس کوئی میاجک (Magic) تو نہیں ہے جو خواہ مخواہ کسان سبھا کے کہنے پر بھوکے رہکر سیکڑوں میل سے چلتے ہوئے مظاہرہ کرنے کے لئے چلے آتے ہیں ۔ وہ خوب کھا پی کر شہر کی تفریح تو کرنے نہیں آتے ۔ پھر کیوں نہیں حکومت اس مسئلہ پر سنجیدگی سے غور کرتی ؟

میں ایک واقعہ کا ذکر کرتا ہوں جس سے معلوم ہوگا کہ ہریجنوں اور پست اقوام کے ساتھ کیسا سلوک کیا جا رہا ہے ۔ میری کانسٹیٹیونسی میں پرسا پلی ایک گاؤں ہے ۔ وہاں ایک دھنگر بنچرائی کی زمین پر عرصہ سے کاشت کرتا چلا آرہا ہے ۔ اسکے پاس سرکاری رقم ادا کرنے کے رسائد ہیں اور گورنمنٹ میں اسکا ریکارڈ ہے ۔ لیکن پٹیل پٹواری اسکے خلاف شکایت کرتے ہیں ۔ میں اس معاملہ میں تصفیہ کرانے کے لئے ایک ہفتہ تک وہاں رہا تو وہاں کے کانگریس سکریٹری بیچ میں مداخلت کرتے ہیں اور دھنگر کی زمین پر حملہ کرواتے ہیں ۔ پولیس انکی مدد کرتی ہے ۔ تنگاترتی سے تین پولیس کانسٹیبل آکر موقع دیکھتے رہتے ہیں کہ اور کچھ ہوتو اوس دھنگر کو اور ایم ۔ ایل ۔ اے کو یعنی مجھے لیجا کر کچھری میں بند کردیں ۔ مدمی لال موضع تعلقہ سریا پیٹھ میں ایک جولاہا بنچرائی زمین پر عرصہ سے کاشت کرتا ہے جو پست اقوام سے تعلق رکھتا ہے ۔ اوس زمین پر وہاں کے پٹیل پٹواری سارے گاؤں کا مندہ لاکر چراتے ہیں ۔ پٹیل پٹواری اپنے نوکروں کے ذریعہ اس قسم کا ظلم کرتے ہیں اور اپنے جانوروں کو چراتے ہیں ۔ میں نے وہاں کے متعلقہ افسروں سے ریپریزنٹیشن (Representation) کیا تو وہ کہتے ہیں کہ میں نے تو کچھ نہیں کیا ۔ پٹیل پٹواری اون کے ساتھ شریک رہتے ہیں اور پٹیل پٹواری سے انکا ساز باز رہتا ہے ۔ کیا ایسے لوگوں سے متعلق گورنمنٹ پولیس کے ذریعہ مقدمات نہیں چلاسکتی ؟ کیا یہ کہا جاسکتا ہے کہ ہماری طرف سے کوئی مراسلہ نہیں گیا ۔ اسطرح کا کوئی بل نہیں لایا گیا ۔ میں چیالنج کے طور پر کہونگا کہ گورنمنٹ ان حالات کو دیکھکر بھی خاموش ہے اور انکی ہمت افزائی کررہی ہے ۔ جب ہم ایک کوئسچن اسمبلی میں کرتے ہیں چنانچہ سوریاپیٹھ کے متعلق ایک کوئسچن آیا تھا کہ بنچرائی کا کھیت اس طرح چرایا گیا ہے تو منسٹر صاحب نے کہا کہ وہ بنچرائی کی زمین ہے چرانے کا ہے چرایا گیا ہوگا ۔ کیا ان الفاظ سے ہمت افزائی نہیں ہوتی ؟ ان بیانات کو لوکل آفیسر کس طرح رسیو (Receive) کرینگے ۔ ان تمام حالات سے ہم یہ سمجھ رہے ہیں کہ گورنمنٹ کسانوں کو بیدخل کرنا چاہتی ہے ہر جگہ بڑے زمینداروں کے قبضہ میں پرمپوک اور بنچرائی اراضیات ہیں مگر انکو بیدخل کرنے کی کوشش نہیں کی جاتی لیکن اب یہ لاؤنی کا سوال ڈیولپ (Develop) ہوگیا ہے ۔ پرسوں اخبارات میں آیا تھا کہ اس قسم کی کتنی زمین ہے گورنمنٹ کو نہیں معلوم ہے ۔ پرمپوک کاٹران اور بنچرائی کی کتنی زمین ہے گورنمنٹ کے پاس اسکے اعداد و شمار نہیں ہیں ۔ جب گورنمنٹ کے پاس اسکا حساب نہیں ہے تو پھر کس کے پاس حساب ہوگا ۔ آپ نے زمینداروں کو بیدخل کرنے کے لئے کیا اسٹپ (Step) لیا ۔ کیا حکومت نے

پولیس پٹیل کے ذریعہ یا ریزروڈ پولس (Reserved Police) کے ذریعہ کوئی انتظام کیا ہے - ایسا انتظام کہیں نہیں کیا گیا - غریب کسانوں اور اگریکلچرل لیبررس (Agricultural Labourers) کی بیدخلیاں ہو رہی ہیں اور بڑے زمینداروں کو محفوظ رکھنے کی کوشش کی جاتی ہے - یہ مسئلہ کون نکال رہے ہیں - ہر موضع کے بڑے زمیندار نکال رہے ہیں کیونکہ اگر زمینات تقسیم ہونا شروع ہوں تو انکے قبضہ میں اس قسم کی زمینات نہیں رہینگی - ناگارم میں اس قسم کی کئی زمینات ہیں - انکا دوسرا خیال یہ ہے کہ اس قسم کی زمینات کو دبا کر رکھیں تو اسکے بازو کی زمینات پر بھی ہم قبضہ کرسکینگے - یہ جانتے ہوئے بھی گورنمنٹ انکی سپورٹ (Support) اور انکی تائید کر رہی ہے - میں کسی پر الزام لگانے کے لئے نہیں کہہ رہا ہوں اگر گورنمنٹ واقعی انتظام کرنا چاہتی ہے تو ایک کمیشن بٹھائے لیکن اودھر کے آنریبل ممبرس کہتے ہیں کہ کمیشن بٹھانے کی ضرورت نہیں ہے -جب آپ اس مسئلہ کو معمولی سمجھتے ہیں تو کسانوں سے کیوں ڈرتے ہیں - کسانوں کے آنے سے آپکو کیوں خوف ہوتا ہے - کہتے ہیں کہ مظاھروں کی کیا ضرورت ہے - ایم-ایل-ایز خود انکے ریپریزنٹیٹیو (Representative) ہیں وہ ریپریزنٹ کرسکتے ہیں لیکن جب وہ ریپریزنٹ کرتے ہیں تو کہا جاتا ہے کہ غلط الزام ہے - آفیسرس خود غریب کسانوں کے پاس نہیں جاتے ہیں لیکن جب کسان خود انکے پاس آتے ہیں تو انکو انٹرویو (Interview) نہیں دیا جاتا ہے - اس لحاظ سے میں کہونگا کہ محض گشتیات نکالنے سے کوئی فائدہ نہیں ہے - بلکہ اس مسئلہ کو اچھی طرح سے حل کرنا مقصود ہے تو ایک کمیشن مقرر کرنا چاہئے -کمیشن کی رپورٹ کے ذریعہ سارے ایم ایل- ایز کو اور متعلقہ پارٹیوں کو انفرمیشن دیا جائے اور ساتھ ہی ساتھ کمیشن کی رپورٹ پر غور کرکے قانونی شکل دیجائے - اگر ایسا نہ کیا جائے تو پھر یہ مسئلہ ویسے ہی رھیگا - لیکن اب کسان اس چیز کو برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں - اسلئے میں گورنمنٹ سے مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ اس جانب توجہ کرے - یہ نہ خیال کیجئے کہ ہم اسی طرح کہنے کے عادی ہیں -گورنمنٹ مظاھروں کو بیکار سمجھتی ہے لیکن یاد رکھئے کہ جب آپ ووٹ کےلئے جائینگے تو عوام اسکا نتیجہ بھی بتلائینگے - اتنا کہتے ہوئے میں میں پھر ایک بار مطالبہ کرتا ہوں کہ کمیشن قائم کیا جائے -

شری سادھو راؤ نرلیکر :- مسٹر اسپیکر سر- آج ایوان کے سامنے ایک اھم قرارداد پیش ہوئی ہے - زمینات جو بیاک ورڈ کلاسس کو دئے گئے تھے اس پر تاوان عائد کیا جا رہا ہے اور زمینات پٹہ پر دینے میں دیر ہو رہی ہے- اس لئے حکومت سے مطالبہ کیا جارہا ہے کہ جتنے لوگوں کو زمینات دی گئی ہیں ان کے نام پٹہ کیا جائے اور ساتھ ساتھ جو زمینات باقی ہیں ان کا پٹہ بھی دیا جائے - یہ مسئلہ بہت دیرینہ ہے - ایوان اس سے واقف ہے کہ مختلف مرتبہ اس ایوان میں مختلف آنریبل ممبرس کی جانب سے یہ مطالبہ کیا گیا ہے - یہ مسئلہ بہت اھم ہے کہ ھمارے اسٹیٹ میں جو لوگ لینڈ لس

Landless) هیں ان کو زمین دی جائے - اس بارے میں گورنمنٹ کی پالیسی کیا ہے یہ دیکھنے کا وقت آچکا ہے - خارج کھاتہ پرمپوک اور گائران اراضیات کے تعلق سے گورنمنٹ پالیسی دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ جس طرح ایک بھکاری کسی کے دروازے پر آکر مانگتا ہے تو دان کے طور پر ایک روٹی کا ٹکڑا اوسے دیدیا جاتا ہے اسی قسم کی پالیسی لینڈ لس لوگوں اور درج فہرست اقوام کے ساتھ گورنمنٹ کی ہے - حکومت ذمہ‌داری کے ساتھ سوچنے کے لئے آمادہ نہیں ہے - آج زمین کی بھوک عوام میں بڑھتی جارہی ہے - گورنمنٹ کا یہ نظریہ نہیں ہے کہ اس مسئلہ کو ذمہ‌دارانہ طور پر حل کرے - گاندھی جی کے اصول کے سلسلہ میں ایک آنریبل ممبر نے کہا کہ ان کا منشا یہ تھا کہ اوس پچھڑے ہوے طبقہ کو جس کو آج بیسویں صدی میں بھی اچھوت کے نام سے پکارا جاتا ہے - اور کوئی ہریجن کہتا ہے اور کوئی پست طبقہ کہتا ہے اور کوئی درج فہرست اقوام کے نام سے یاد کرتا ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ بن ماں باپ کے بچے ہیں - ان کی بہبودی کے لئے کچھ کام کیا جائے - لیکن آج گورنمنٹ ان کو زمین دینے کا مختلف طریقہ سے لالچ دے رہی ہے - کوئی پارٹی بھی اپنے مقاصد حاصل کرنے کے لئے ان کو کسی نہ کسی طرح پھانسنے کی کوشش کرتی ہے - میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ آج ہمارے ملک کے لئے جو بد نما داغ ہے اس کو آپ " دیا " سے حل کرنے والے ہیں یا نہیں - نظام‌آباد میں فسادات ہوتے ہیں گلبرگہ میں فسادات ہوتے ہیں تو وہاں کے لوگوں کی مدد کرنے کے لئے تو آپ تیار ہوجاتے ہیں - میں یہ نہیں کہہ رہا ہوں کہ آپ ان کی مدد نہ کیجئے - لیکن جہاں درد ہوتا ہے وہاں دوا دینے کی ضرورت ہوتی ہے - جہاں تکلیف اور مصیبت ہوتی وہاں ریلیف دینا سب سے پہلے گورنمنٹ کا فرض ہوتا ہے فسادات کی وجہ سے جو حالت وہاں کے لوگوں کی ہوئی اوس سے بدتر حالت آج دیہاتوں میں درج فہرست اقوام کی ہے - اس میں شک نہیں کہ شہروں میں رہنے والے پست اقوام کے لوگ جو مجھ جیسے ہیں ، سفید کپڑے پہنے ہوے نظر آتے ہیں - چار پیسے والے بھی نظر آتے ہیں ، زمینات بھی رکھنے والے نظر آتے ہیں - لیکن دیہاتوں میں میجاریٹی ایسی ہے جن کی حالت بہت خراب ہے - میرے ساتھ آپ چلئے میں آپ کو بتاؤنگا - آپ کہتے ہیں کہ جمہوری حکومت آنے کے بعد کافی سہولتیں دی گئی ہیں میں کہونگا کہ جمہوری حکومت آنے کے بعد اچھوتوں کی حالت اوس زمانہ سے بھی بدتر ہوچکی ہے اگر آپ کو دیکھنا ہوتو میں دیہاتوں میں بتاسکتا ہو - میں چھوت چھات کے متعلق تو نہیں کہونگا کہ کیونکہ یہ مسئلہ آج زیر بحث نہیں - مسئلہ جو زیر بحث ہے وہ صرف زمینات کے متعلق ہے - اور میں اپنی تقریر کو اس حد تک ہی متعلق رکھونگا - کہا گیا کہ زیادہ غلہ اگاؤ مہم کے تحت اچھوتوں کو زمین دینے کا ہم نے اعلان کیا - لیکن اون گشتیات اور احکام پر جو آپ نے کلکٹر یا دوسرے عہدہ‌داروں کے پاس بھیجے تھے اون پر کہاں تک عمل کیا گیا اس پر آپ نے غور نہیں کیا - اگر اس کے متعلق چھان بین کرنے کی کوشش کی جائے تو معلوم ہوگا کہ وہاں جو آرڈرس اور گشتیاں جاتی ہیں اون پر کس طرح

عمل کیا جاتا ھے - جب ھم جیسے ذمہ دار لوگ عہدہ داروں کے پاس ریپرزنٹیشن کرتے ھیں اور کہتے ھیں کہ فلاں جگہ اتنی زمین پرمپوک کی ھے یا خارج کھاتہ اراضی ھے آپ ھم لوگوں کو زمینات کیوں نہیں دیتے ، تو خود وہ افسر جواب دیتے ھیں کہ ھمارے پاس روزانہ اس کے متعلق ایک گشتی آتی ھے - ھم کن کن گشتیات پر عمل کریں ھم خود اس کو سمجھنے سے قاصر ھیں - میں نے اسمبلی میں آنے سے پہلے میرے حلقہ انتخاب یعنی کلمنوری میں وھاں کے تحصیلدار صاحب سے ملا انہوں نے اس سلسلہ میں کافی کام کیا ھے - جہاں کام کیا جاتا ھے اوس کو نظر انداز نہیں کرسکتے - لیکن جہاں فی الحقیقت کام نہیں کیا جاتا وھاں کہنے کی ضرورت پڑتی ھے - وڑگاؤں میں پانچ سو ایکر گائران کی زمین موجود ھے - دس فیصد کے حساب سے زمین چھوڑ نے کے بعد تقریباً ڈھائی سو ایکر یا (۲۷۲) ایکر زمین بچتی ھے - اس کے متعلق ھم نے اسمبلی میں بھی پوچھا تھا تو منسٹر صاحب نے جواب دیا تھا کہ (۲۷۲) ایکر زمین گائران وھاں موجود ھے - اوس کے لئے گذشتہ دیڑھ سال سے درج فہرست اقوام کوشش کر رھے ھیں - دیڑھ سال سے کارروائی چل رھی ھے - لیکن اب تک وہ زمین نہیں دی گئی - آنریبل منسٹر صاحب نے کہا کہ گائران اور خارج کھاتہ زمینات کے سلسلہ میں دس فی صد اراضی چھوڑنے کے لئے سختی کے ساتھ احکام جاری کئے گئے ھیں لیکن میں نے حال ھی میں اون سے پوچھا تو انہوں نے اس کے برخلاف جواب دیا کہ ایک گشتی ایسی جاری کی گئی ھے کہ جہاں بھول کر جن لوگوں کو زمینات دی گئی ھیں اون سے وہ زمینات واپس لے لی جائیں - تحصیلدار صاحب نے خود کہا کہ اس قسم کے احکام ھمارے پاس آئے ھیں - میں یہ سمجھنے سے قاصر ھوں کہ جب دس فی صد اراضی چھوڑ کر بقیہ اراضی لینے کے لئے تیار ھیں تو کیوں نہیں دی جاتی - اوس کے علاوہ یہ بات بھی ھے کہ جس موضع میں کسی اچھوت کو کوئی زمین مل جاتی ھے تو اوس دیہات کے دوسرے لوگ کھڑے ھوجاتے ھیں کہ اگر اوس اچھوت کو زمین ملیگی تو وہ ھمارے برابر ھوجائیگا - ھم جو اوس سے خدمت لیا کرتے تھے وہ نہیں ایجایا کریگی - یہ مشکلات ھیں ان کو رفع کرنے کی سختی سے ضرورت ھے - جب یہ مسئلہ اسمبلی میں پیش کرتے ھیں تو جوابات تو اطمینان بخش دئے جاتے ھیں لیکن عملا دیکھا جائے تو معلوم ھوگا کہ جو جوابات اسمبلی میں دئے جاتے ھیں وہ حقیقت پر مبنی نہیں ھیں - ایک آنریبل ممبر نے فرمایا کہ جہاں ایسی زمینات ھوں وھاں درخواست پیش کرنا چاھئے - درخواستیں دینے کے بعد اس پر غور ھوگا میں اون کو یہ یاد دلانا چاھتا ھوں کہ پربھنی ضلع سے کم سے کم پانچ سو درخواستیں دی جاچکی ھیں - ھماری فیڈریشن میں اون کا ریکارڈ موجود ھے - لیکن اس کے باوجود بھی اس پر غور نہیں ھو رھا ھے - اس کے کیا معنی ھیں - کلمنوری میں میں نے خود اس سلسلہ میں کوشش کی اس میں شک نہیں کہ وھاں تھوڑی بہت زمین ملی - لیکن جو زمین ملی ھے اوس کو بھی واپس لینے کا مطالبہ کسانوں سے کیا جا رھا ھے - موضع مہادنی میں جو کامنوری میں ھے زمین دی گئی تھی جو واپس لی گئی - اسی طرح موضع

گھوڑا میں شیڈولڈ کاسٹ کے ایک شخص کو زمین دی گئی تھی اوس سے بھی واپس
لی گئی - جیتور تعلقه میں بھی ایسی ھی شکایتیں آئی ھیں - وھاں تحصیلدار صاحب نے
پٹه دینے اور سرٹیفیکٹس چھاپنے کے بہانے لوگوں سے فی کس پندرہ پندرہ روپیه اس طرح
جمله (۳) هزار روپیه حاصل کئے لیکن نه تو پٹه کیا گیا اور نه سرٹیفیکٹس دئے گئے -
خود آنریبل ممبر فرام جینور کو بھی یه معلوم ہے - میں نے اون سے ملکر پوچھا تو انہوں
نے کہا که یه واقعه صحیح ہے که تحصیلدار صاحب نے فی کس پندرہ پندرہ روپیه لئے ھیں
لیکن اس کے باوجود سرٹیفیکیٹ نہیں دیا گیا اور زمین بھی نہیں دی گئی اور دی گئی
بھی تو اون ھی دو تین لوگوں کو دی گئی جن کے پاس پہلے ھی سے زمین ہے اور جو
شیڈولڈ کاسٹس سے بھی تعلق نہیں رکھتے - حکومت کی پالیسی یه ہے که پہلے
شیڈولڈ کاسٹ اور اچھوت لوگوں کو زمین دینا چاھئے پھر اوس کے بعد بیاک ورڈ کلاس
اور لینڈ لس لوگوں جن کے پاس زمین نہیں اون کو دینا چاھئے - اگر کام اچھی طرح
کیا جائے تو کافی کام ھو سکتا ہے لیکن آپ جس طرح سے زمین دیتے ھیں وہ ایسا دیتے
ھیں جس طرح کوئی بھکاری کو دبا کے طور پر بھیک دیتا ہے - دیا تو دیا یا نہیں دیا تو
بھکاری چلا جائیگا - میں یه کہنا چاھتا ھوں که اس طرح کام کرنے سے کام نہیں چلیگا -
گنران کے سلسله میں جو زمینات دی گئی ھیں اون پر مختلف مقامات پر تاوانات عائد
کئے جا رہے ھیں اور اون سے زمینات واپس حاصل کی جا رھی ھیں - چنانچه حدگاؤں تعلقه
کے ایک موضع سے مجھے درخواست وصول ھوئی اس میں پندرہ روپیه سے چالیس روپیه
تک ایسی زمینات کا تاوان حاصل کیا جا رہا ہے - موضع سال جھڑا میں شمبھا نامی ایک
شخص کو جو شیڈولڈ کاسٹ کا ہے زمین ملی تھی اوس پر وہ دس سال سے قابض تھا اب
تحصیلدار صاحب نے نوٹس دی ہے که آپ اوس زمین سے دستبردار ھو جائیے - آپ کے
پاس وہ زمین نہیں رھیگی - وھاں پندرہ روپیه سے چالیس روپیه تک تین سال کا تاوان
وصول کیا جا رہا ہے - جب ثبوت کے ساتھ بھی کوئی واقعه پیش کیا جاتا ہے تو بھی گورنمنٹ
اوس کو رفع نہیں کرتی - اس لئے هم نے اس سلسله میں ایک ریزولیوشن پیش کیا ہے
تا که اس اهم ترین مسئله پر بحث کی جاسکے - گورنمنٹ سے میری یه خواهش ہے که
وہ اس سلسله میں نہایت سوچ سمجھکر کام کرے - ھماری پارٹی کی جانب سے
مرھٹواڑہ میں ستیه گرہ کی گئی تھی - میں اوس کا ذکر نہیں کرونگا معزز ایوان اوس سے
واقف ھیں - میں خود جیل گیا تھا - اور کتنے لوگ جیل میں تھے اوس سے بھی واقف ھیں
اوس وقت جو مومنٹ چلایا گیا اوس سلسله میں ھماری نیت نیک تھی که گورنمنٹ کو
مشکلات میں ڈالے بغیر زمینات حاصل کی جائیں - جب محصورہ زمین کا مطالبه کیا
جاتا ہے تو کہا جاتا ہے که وہ زمین ریزرو فارسٹ کے لئے مختص کی جا رھی ہے -
میں نے تحصیل کلمنوری سے پوچھا تھا که کتنے دیہاتوں میں ایسے ریزرو فارسٹ قائم
کئے جائینگے - انہوں نے پہلے تو کہا که (۱۰) ولیجس میں کیا جائیگا پھر پورے
۲۱۰) دیہات میں زمین مختص کرنے کے متعلق تخته بنایا - خود تحصیلدار صاحب نے

کہا کہ مجھے بھی کئی مشکلات ھیں - جن لوگوں کے نام پٹہ ھوگیا ہے اون کو منسوخ کرکے فارسٹ ریزرو کرنا پڑیگا - تحصیلدار صاحب نے خود کہا کہ گورنمنٹ کی کیا پالیسی ہے آپ خود سوچ لیجئے - اگر اس طرح کام چلتا رہے گا تو آئندہ ھم کسی طرح کی ترقی نہیں کرسکتے - ملک میں جو طبقہ سب سے زیادہ پست ہے اوس کو ترقی دینا گویا حکومت کا سب سے پہلا فرض ہے - اس لئے اون کی معاشی حالت سدھارنے کے لئے گورنمنٹ کی جانب سے کوشش ھونی چاھئے - اگر اون کو کچھ زمینات مل جائیں تو کم ازکم اون کی گذر بسر تو ھو جائیگی اور وہ اپنے بچوں کو کچھ نہ کچھ تعلیم دے سکینگے - لیکن جب اون کو روزگار ھی نہیں اور اون کا کوئی ذریعہ ھی نہیں تو پھر وہ اپنے آپ کو کیسے مطمئن کرسکتے ھیں - جو اراضیات فارسٹ کے سلسلہ میں رزرو کئے گئے ھیں وہ قابل کاشت ھیں اون کے متعلق خود ڈاکٹر امبیڈکر نے مطالبہ کیا تھا کہ کم ازکم ایک کنڈیشن پر ھی وہ زمینات دئے جائیں کہ جب اون اراضیات میں کافی درخت اوگ جائینگے تو وہ واپس لی جاسکیگی - اوس زمانے کی حد تک تو بھی کم ازکم یہ اراضیات دی جائیں تاکہ اون کی گذر بسر کا کوئی ذریعہ نکل سکے - لیکن ھمارے اس مطالبہ پر کوئی توجہ نہیں دی گئی - یہ احکامات ھیں کہ دس فیصد رقبہ گائران کے لئے چھوڑ کر باقی اراضی دی جائے - لیکن اضلاع کے عہدہ‌داروں کا کہنا ہے کہ ایسی گشتیات آ رھی ھیں جن کی وجہ سے گائران کی زمینات نہیں دی جاسکتیں - میں نے ایک کیس لے گیا تھا تو خود کلکٹر صاحب پربھنی نے کہا کہ گائران کی اراضی نہیں مل سکتی - اس طرح کی پالیسی سے لوگوں کو زمین ملنے والی نہیں ہے - اس سلسلہ میں موشن کے طور پر یہ مسئلہ ایوان میں بھی پیش کیا جاچکا ہے لیکن اوس کی اجازت نہیں دی گئی - ھم نے اس ریزولیوشن کے ذریعہ اپنے خیالات کو جو نیک نیتی پر مبنی ھیں آپ کے سامنے رکھا ہے - (۴۲) لاکھ لوگوں کی معاشی زندگی سدھارنے کے لئے آپ کو چاھئے کہ اون کو زمینات دیں - اور وہ زمینات بلا کنڈیشن کے دئے جائیں - اور اس کے علاوہ جن لوگوں کو زمینات دی جائیں اون کو کاشت کرنے کے لئے بھی بیل اور آلات زرعی اور تخم وغیرہ سے اون کی مدد کی جائے - تاکہ حکومت کا منشاء کامیاب ھوسکے -

دوسری چیز میں آخر میں یہ عرض کرونگا کہ ایسی زمینات کی لسٹ جو بیاک ورڈ کلاسس کو دینے کے قابل ہے - آفیسس میں لگائی جائے - گورنمنٹ ایسی ھدایت عہدہ‌داروں کو دے تاکہ جو زمین دیجاسکتی ہے وہ معلوم ھو جائے اور ایک جگہ زمین ہے تو اس کے لئے دوسری جگہ غلطی سے جو درخواست دیجاتی ہے وہ نہ دیجائے - اسلئے ایسی لسٹ آفیسس میں لگانے کے احکام دئے جائیں تو بہتر ھوگا اور اس سے عوام کے لئے بڑی سہولت ھوگی -

تیسری چیز یہ ہے کہ پبلک ادارے خواہ وہ کچھ ھی سیاسی رجحان رکھتے ھوں لیکن ان سے زمین تقسیم کرنے کے سلسلہ میں گورنمنٹ کوآپریشن حاصل کرے - اس سے یہ ھوگا کہ نیچے کے آدمی اور پٹیل پٹواری جو رشوت لیکر زمین دلانے کا وعدہ کرتے ھیں

وہ ختم ہو جائیگا ۔ ہر ضلع اور تعلقہ میں مختلف اداروں کے لوگوں کو لیکر ایک ایک کمیٹی بنائی جائے جو کلکٹر اور تحصیلدار کو یہ مشورہ دیگی کہ فلاں فلاں جگہ زمین ہے وہ بے زمین ہریجنوں کو دیجائے ۔ اس طرح کی کمیٹیاں بنائی جائیں اور اس ڈھنگ سے اس مسئلہ کو حل کیا جائے تو میرا خیال ہے کہ اچھوتوں کو تھوڑا بہت فائدہ ہوگا ۔ لینڈ لس لوگوں کو فائدہ ہوگا ۔ جیسا کہ مرہٹی میں کہاوت ہے ۔

'येरे माझ्या मागल्या ताक कण्या चांगल्या'

اگر ایسا گورنمنٹ کا خیال ہے کہ جو کچھ دیا جارہا ہے وہ کافی ہے ۔ چھانچ اور امبل پی کر وہ لوگ زندہ رہ سکتے ہیں تو یہ غلط ہے ۔

میں ہاؤز کا زیادہ وقت نہ لیتے ہوئے آنریبل منسٹر سے اور پورے ہاؤز سے درخواست کرونگا کہ اس پر سنجیدگی سے غور کرے اور جو مانگ اس ریزولیوشن میں کی گئی ہے اسکو مان لیا جائے ۔ ایسا طبقہ جو سالہا سال سے پیچھے رہ گیا ہے اسکو آگے بڑھانے کی کوشش کی جائے تاکہ دنیا سے ہم کہہ سکیں کہ ہندوستان میں حکومت حیدرآباد نے نچلے طبقہ کی بھلائی کے کام کئے ہیں ۔ انکا دل صاف ہے ۔ اتنا کہتے ہوئے ریزولیوشن کی تائید کرنے کے بعد میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

شری بھجنگ راؤ وکیل (جنتور) :— اس ریزولیوشن کے متعلق میں اپنے خیالات ہاؤز کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں ۔ اس ریزولیوشن کا منشا یہ ہے کہ لینڈلس (Landless) لوگ جو شیڈولڈ کاسٹ یا بیاک ورڈ کلاسس کے ہیں انہیں جو زمینات دیگئی ہیں انکے پٹے کئے جائیں اور جو زمین اب بھی انہیں دیجاسکتی ہے وہ دیکر اسکا پٹہ کیا جائے ۔ یہ بھی مطالبہ کیا گیا ہے کہ ایک کمیشن مقرر کیا جائے تا کہ مزید زمینات برآمد کی جا سکیں ۔ اس سلسلہ میں جو تجربہ مجھے اپنی کانسٹیٹیونسی میں ہوا ہے وہ میں ایوان کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں ۔ میرے تعلقہ میں ندی کا رخ بدل جانے کی وجہ سے جو زمینات برآمد ہوئی ہیں اور جو پرمپوک کی اراضیات ہیں وہ ہزاروں ایکر کی تعداد میں موجود ہے ۔ لیکن اسکے باوجود وہاں کے ہریجنوں کی درخواستوں پر جنکی تعداد سیکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں میں ہے کوئی لحاظ نہیں کیا گیا ۔ جیتور میں ایسے احکام آنے کے بعد کہ ہریجنوں کو زمینات دیجاسکتی ہیں وہاں کے ہریجن بہت خوش ہوئے ۔ اور اس موضع میں جہاں جہاں نشاندھی ہوئی تحصیلدار نے یہ دیکھکر کہ یہ زمین واقعی پرمپوک کی ہے اور قانوناً جو گا ٹران ہوسکتا ہے اس سے زیادہ ہے لاؤنی پر درخواستیں منظور کیں اور پیشگی رقم بھی وصول کرلی ۔ لیکن بعد میں مال اور جنگلات کے آفیسروں میں اختلاف رائے ہوا اور جنگلات والوں نے اسکو نامنظور کیا ۔ میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ اراضیات موضع سوس محفوظ جنگل کے تحت نہیں تھے اس میں کوئی امر مانع نہ تھا ۔ وہ زمینات ہر سال ہراج ہوتے تھے اور انکی آمدنی بصیغہ مال جمع ہوا کرتی تھی لیکن جب یہ زمینات لوگوں کو دئے جانے کے بعد انہوں نے اس پر درستی کے لئے سیکڑوں

بلکه هزاروں روپیه خرچ کردیا تب جنگلات کے آفیسرس پرانے احکام جو سنه ۱۳۲۴ف کے هیں برآمد کرکے یه کہتے هیں که اس پر لوگوں کے جانور چرتے تھے ۔ وہ پرمپوک کی اراضی تھی ۔کیا سنه ۱۳۲۴ف سے لیکر آج سنه ۱۹۵۴ع تک انکی اس پر نظر نہیں پڑی تھی ۔ یه زمین زائد از دس فیصد ہونے کی وجه سے دیجاسکتی تھی لیکن محض جنگلات کے آفیسروں کے پرانے احکام کے تحت اعتراض پر ان سے زمینات لےلی گئیں۔ منسٹر صاحب کی یه خواهش ہے که همارے ملک میں زیادہ سے زیادہ جنگل اگائے جائیں اور اتنی زمین جنگلات کے لئے مختص ہونا چاهئے لیکن جهاں جنگل هی نہیں اگ سکتے اور جیسا که گذشته کئی سال کا تجربه ہے که وهاں کوئی چوبینه پیدا نہیں هوا اور نه آئنده ہونے کی توقع ہے وهاں پرانے احکام کو نکال کر زمینات واپس لی گئیں جسکی وجه سے کسانوں کا هزاروں روپیه کا نقصان هوا ۔

دوسری بات میں یه بتلانا چاهتا هوں که موضع گولے گاؤں تعلقه جیتور میں کچھ قابل کاشت اراضی تھی ۔ اوس اراضی کے لئے سنه ۴۸ یا ۵۰ فصلی میں هریجنوں نے درخواست پیش کی تو انہیں نہیں دیگئی ۔ وهاں کے پٹواری کی برادری کے آدمی نے اوسے حاصل کرلی ۔ پھر سنه ۱۳۵۳ف میں اوس موضع میں زمین کے لئے کوشش هوئی تو اوس موضع کے لوگوں نے چونکه پٹیل پٹواری اور گرداور کی خدمت نہیں کی اسلئے ان کو نہیں دیگئی دوسرے موضع کے لوگوں کو زمین دیگئی ۔ خدمت سے میرا مطلب ہے که نذرانه نہیں پیش کیا تو وہ زمین دوسروں کو دلا دی ۔کہنے کا مطلب یه ہے که اس طرح هریجنوں کو زمینات دلانے کے لئے دلچسپی نہیں لیجاتی اور جو زمینات ناجائز طور پر دوسرے لوگوں کو دیجاتی هیں انہیں واپس بھی نہیں لیا جاتا ۔ بہت سے گشتیات هیں اور بہت سے سرکیولرس هیں لیکن انکو دیکھنے کی فرصت کسے ہے ۔ اسمبلی میں الٹے پلٹے جوابات دیکر یه سمجھا جاتا ہے که سب ٹھیک ہے معزز اراکین صحیح معلومات رکھکر سوالات پوچھتے هیں تو انکی برابر جانچ بھی نہیں هوتی ۔ میں ایسے مقامات بتلانے کے لئے تیار هوں جهاں زمین ہونے کے باوجود هریجنوں کو زمین نہیں دیگئی ۔ میرے پاس مواد موجود ہے ۔ میں مثل نشان تک بھی منسٹر صاحب کو بتلاسکتا هوں ۔ تعلقه کے کلرکس کو تو زمین ملتی ہے لیکن هریجنوں کو نہیں دیجاتی ۔ جو زمین بچی رهتی ہے دوسروں کو ملتی ہے لیکن هریجنوں کو نہیں ملتی ۔

دوسری بات مجھے یه عرض کرنا ہے که ایسی زمینات جو جنگلات کی نہیں هیں انکا عمل نہیں هوا ہے ۔ لیکن ایسی زمینات پر سے بھی ناقابل عمل احکامات کی تعمیل میں لوگوں کو هٹایا جاتا ہے ۔ موضع سوبو میں سنه ۱۳۵۳ف میں بیاک ورڈ کلاس کے لوگوں کو زمین دیگئی تو جنگلات والوں نے انہیں چالان کرنے کی کوشش کی اور یه کہا که انہوں نے چوبینه خراب کیا ہے ۔ چونکه تحصیل کے احکام تھے اسلئے چالان تو نہیں هوا لیکن زمین واپس چلی گئی ۔ باوجود اسکے که زمین مال کی ہے ۔ جنگلات والے ایسے رمنه یا گھانس کا میدان بتلاتے هیں اور اس کا اندراج اپنے پاس کرلیتے هیں۔

سنه ۱۳۲۴ف میں جو کارروائی ہوی اس کا علم نه ہونے کے باوجود اور باوجود اسکے که وه خارج از کھاته گار کھیڑا رینج جیتور کے تحت هے ایسا کیا جاتا هے - سنه ۱۳۲۴ف کی کارروائی کی مثل موجود هے ابتک رعایا اون زمینات کی مالگزاری جن میں که پچاس ساٹھ زمینات کا تصفیه محکمه مال کو ادا کرتی هے لیکن جنگلات والے اس کا بھی قبضه نہیں دیتے - موضع بھوگاؤں میں ایسی زمین هے جو هزاروں ایکر کی مقدار میں هے - اگر وه زمین دیجائے تو تمام موضع کے لوگوں کو زمین ملسکتی هے - وهاں ۱۸ یا ۲۰ اراضیات ایسے هیں جنکا سنه ۱۳۰۹ف میں بندوبست هوا - اسکے بعد وه ۱۲ف فصلی میں خارج از کھاته ہوئے اور جنگلات کو چلے گئے - اگر اب انکی پرت بندی کی جائے تو وه باره چوده آنے کی زمینات هوسکتی هیں اور بہترین کاشت هوسکتی هے -

آخر میں میں اس ریزولیوشن کی تائید کرتے ہوئے هاؤز اور متعلقه منسٹر صاحب سے ادباً گذارش کرونگا که اس اهم ریزولیوشن پر بہت سنجیدگی سے سوچیں اور اس ریزولیوشن کو محض اس وجه سے که اپوزیشن کی طرف سے لایا گیا هے دھتکار دینے کی کوشش نه کرنا چاهئے - آپکے دل میں هریجنوں کا درد هے تو اس درد کو نبھانے کے لئے اس ریزولیوشن کو پاس کیا جائے اور آپ اور هم ملکر زمین تقسیم کرنے کے مسئله کو اسطرح خوبی سے حل کرسکتے هیں -

اتنا کہکر میں اپنی تقریر ختم کرتا هوں -

శ్రీ పి. లక్ష్మయ్య :—అధ్యక్షమహాశయా, మన మిత్రులు దీనిని గురించి చాలాచాలా చర్చించారు. ఇప్పుడు నేను నూరులో ఒకటి చెబుతాను.

నల్లగొండ తాలూకాలో దరేశపురం అనే ఒక చిన్న గ్రామం వుంది. ఆ గ్రామంలో ఒక హారిజనుడు, జోలికట్టుకుని అడుక్కొనేవాడు, ఖారిజ్‌ఖాతా భూమికి గవర్నమెంటుకు దరఖాస్తు పెట్టి ఆ భూమికి ఏక్‌సాలాపట్టా మంజూరు పుచ్చుకొన్నాడు. అతడు ౪౮ ఫ. సంవత్సరమునుండీ ఆ భూమిని దున్నుకొన్నాడు. అతడికి ఆ భూమిపై పట్టా కావాలని గవర్నమెంటుకు దరఖాస్తు పెట్టుకొన్నాడు. అతడు రెండు సంవత్సరాలనుండీ దరఖాస్తులు పెట్టుకొంటే, ఆ దరఖాస్తులన్నీ గవర్నమెంట్ దఫ్తర్‌లోనే ఉండిపోయాయి. ఆ దరఖాస్తులన్నీ తహశీల్‌లో పడిఉన్నాయి అతడు పెట్టిన ౮ దరఖాస్తులు తహశీల్‌లో పడివున్నాయి. అతడు పెట్టిన ౮ దరఖాస్తులు తహశీల్‌లో ఉండిపోయాయి. పైగా టికట్ పైకం అనేది ఒకటి వుంది. కలెక్టర్‌కు రూపాయి, డిప్యూటీకలెక్టర్‌కు ౮ అణాలు, తహశీల్‌దారుకు ౪ అణాలు. ఇట్లా టికట్‌లున్నాయి. మురాఫా చేసుకుంటే రెండు రూపాయలు. అతడు దరఖాస్తు పెట్టుకున్నతరువాత అతనికి మేలు చేస్తామని చెప్పి, గిర్దావరును పిలిచారు. గిర్దావరు అక్కడకు వెళ్ళి చూశాడు. గిర్దావరుకు అతడు తన రశీదులను కాగితాలను చూపించాడు. అందులో అతడికి ఏక్‌సాలా పట్టా వున్నట్లు ఉంది. గిర్దావరువచ్చి "ఈ భూమి నీవు చేస్తున్నావా? ఈ భూమికి పట్టా ఇవ్వటానికి పైసలు కావాలి. ఉన్నాయా?" అని అడిగాడు. అతడు "నేను జోలికట్టుకొని బిచ్చం అడుక్కొనేవాడిని. నేను ఎట్లా ఇస్తాను?" అన్నాడు. అప్పుడు గిర్దావరు "పైసలు

ఇవ్వలేనివాడివి, నీకు భూమి ఎందుకయ్యా?" అన్నాడు. ౫౦ రూపాయలు ఇస్తేగాని పట్టా రాదన్నాడు. ఆ ఊరిలోని ఇంకోడికి ౫౦ ఎకరాలు భూమి ౬ ఎకరలు తరి వున్నది. అతడికి ఆ భూమి మీద పట్టా వుంది. ఆ పేదవాడు చేసుకొన్న భూమికి ౫౦ రూపాయలు చెల్లించి, అతడి కొడుకు పేరు మీద పట్టా సామిల్ పట్టా చేసినారు, తహశీల్ కుపోయి తహశీల్‌దారుతో గుస గుసలాడాడు. తాశీల్‌దారు ఇద్దరికీ సామిల్‌పట్టా ఇవ్వవచ్చునని వ్రాశారు. నల్లగొండ తహశీల్ దారు నారాయణరావు దగ్గరకు పోయి చెప్పుకొన్నాడు. డిప్యూటి కలెక్టరుకు దరఖాస్తు పెట్టుకు న్నాము. ఇద్దరిని పిలిపించి విచారించమన్నాము. ఆ పేదవాడు కట్టిన రశీదులు వున్నవ న్నాము. ఆ విధంగా ఉంది ఆ గ్రామంలోని పరిస్థితి.

ఇంకో చిన్న విషయం చెబుతాను. చెర్లగౌరారం అనే ఒక ఊరు ఉంది. ఆ ఊరిలోతంగెళ్ళు, ఈదులు, తాటిబొంతలు కొట్టుకొని, ౪౪ కుటుంబాలు మూడు ఏండ్లనుండి సాగచేసుకొంటున్న భూమిని శంకర్రావు అనే కోమటి తనకు కావాలని చెప్పి కలెక్టర్‌కు దరఖాస్తు పెట్టుకొన్నాడు. శంకర్రావు కోమటి, వ్యాపారం చేసేవాడు, కాంగ్రెసు నాయకుడు, మునిసిపాలిటీ మెంబరు, గుత్తేదారు, అతడు బేరంచేస్తూంటాడు. అతడు ౪౪ కుటుంబాలు చేసే భూమిని వాళ్ళు తంగెళ్ళు, చెట్లు కొట్టుకొని సాగుచేసుకొంటున్న భూమిని ౧౦ ఎకరాల ౧౫ గుంటల భూమిని, ౪౪ కుటుంబాలు కష్టపడి, బాధలుపడి చేసుకొంటున్న భూమిని తనకు కావాలని చెప్పి అతడు కలెక్టర్‌దగ్గరకు పోయి, డిప్యూటీకలెక్టర్‌దగ్గరకు పోయి "నేను పోలీసులో కొలువు చేశాను, నేను కాంగ్రెసు మెంబరును, మునిసిపాలిటీ మెంబరును" అని చెప్పుకొని, ఆ భూమికోసం దరఖాస్తు పెట్టుకొంటే, ప్రభుత్వం అతడి మాటలువిని, అతడికి ఆ భూమిపై పట్టా ఇచ్చింది కలెక్టర్ దగ్గరకు ౧౭ మంది ఆడవాళ్ళు, ౧౦౦ మంది మగవాళ్ళు వచ్చి ఫిర్యాదు చేశార "మేము ౪౪ కుటుంబాలవాళ్ళం, కష్టపడి సాగుచేసుకొంటున్న భూమిని ఇంకొకరికి ఇవ్వటం యేమి పద్ధతి?" అని అడిగితే "ఆ సంగతి మాకు గుర్తులేదు. ఇక తిరిగి మార్పుచేయటానికి వీల్లేదు" అని అన్నారు. ఇంతవరకూ చేసిన రశీదులు ఉన్నాయి అని చెప్పి అవి చూపించితే ఇవేవీ మాకు తెలియదు అన్నారు. ఇవి మాకు గుర్తులేదు అని చెప్పారు. దాని తర్వాత రెవిన్యూబోర్డుకు దరఖాస్తుపెట్టారు. కలెక్టర్ ఖిలాబ్‌చేయటానికి ౨, 3 రూపాయలు టిక్కెట్లు ఇచ్చి రెవిన్యూ బోర్డుకు దరఖాస్తు పెడితే, దాని మీద ౫౦ రూపాయలు టికెట్లకే అయింది. 3 రూ. టికెట్లు కొన్ని, ౨ రూ. టికెట్లు కొన్ని, రూపాయ టిక్కెట్లుకొన్ని.—ఈ విధంగా టికెట్లు ఉంటాయి ౪౪ కుటుంబాలు మూడేండ్లనుండి చేస్తున్న భూమిని "యీ భూమి నాది, ఆ భూమిపై వీరాకు హక్కు లేదు" అని ఆ కోమటి వ్యాపారస్తుడన్నాడు. అతడు కొత్వాల్‌సాబుకు వ్రాస్తే, ఆయన ౧౨ మంది పోలీసులను పంపించారు. ఎల్లడు, పుల్లడు, యీవిధంగా ౪౦ మంది మీద ముఖద్దమా చేశారు. ౪౦ మంది భూమికి అడ్డం వచ్చారని చెప్పాడు. వారంతా కూడు లేనివారు. వారందరిని పోలీసులు రిమాండులో ఉంచి నల్లగొండ తీసుకుపోయి నాకాలో పడేశారు. పదిగంటల రాత్రి పోయి మనిషికి 300 రూపాయల జమానత్ పెట్టి వారిని విడి పించాము. రెవిన్యూ బోర్డులో ఇంతవరకు కార్వాయి నడుస్తోంది.

బంగారుగడ్డలో అంగడిపేట గ్రామం ఉంది. ఆ గ్రామంలో ముగ్గురు అన్నదమ్ములున్నారు నరసింహారెడ్డి, నారాయణరెడ్డి, రంగారెడ్డి, యీ ముగ్గురు అన్నదమ్ములు. హరిజనులు మూడు కుటుంబాలవాళ్ళు, లచ్చయ్య, గోపయ్య, మైశయ్య వీరు ౫౫ ఎకరాల భూమిని సేద్యం చేస్తున్నారు వీరికి ఆ భూమిపై పట్టా వుంది. పట్టా వున్న భూమికి నరసింహారెడ్డి ౧౦ రూపాయలు ఇచ్చి ఆ భూమిలో మూడోపాలు తీసుకొన్నాడు. ఆ అన్నదమ్ములు ముగ్గురు ఆ ౫౫ ఎకరాలను మూడు భాగాలు చేసి ముగ్గురూ తాగుకొన్నారు. నరసింహారెడ్డి పదిరూపాయలు ఇచ్చాడు కాని, నారాయణరెడ్డి పది రూపాయలు ఇవ్వలేదు ; ఏ రూపాయలూ ఇవ్వలేదు. ఆ విధంగా ఆ భూమి ఆ అన్నదమ్ములు ముగ్గురూ పంచుకొన్నారు. ఆ భూమిని ఇస్తాం, ఇస్తాం అని చెప్పి ౧౦ ఏండ్ల నుండీ జరుపుతున్నారు. ఇంతవరకూ ఇవ్వలేదు. ఇప్పుడు ఎవరైతే బలం కలిగి వుంటారో, వారే బలవంతంగా భూమి లాక్కున్నా వారికే ఆ భూమి ఉంటోంది. "బలం గలవారిదే భూమి' గుల్బర్గానుండి వచ్చిన ఒకరు చెప్పారు. "పైసలు ఎవరిదగ్గర వుంటే వాళ్ళదగ్గర ప్రభుత్వం వుంటుంది" అని. ఇంకొక విషయం చెబుతాను. అంజయ్య · గురునాథరెడ్డి అనే అతడు ఒక పట్వారీ. అతడు కాంగ్రెసు మెంబరు. ఆయన ౫౦ మందిని మెంబర్సుగా జేర్పించారు కాంగ్రెసు మెంబర్సు సభ్యత్వఫారాలు అతని దగ్గర వున్నాయి. ౪౦ ఏండ్లు సాగుచేసుకొంటున్న భూమిని ౧౬ పుట్లు పండించినవారిని దెబ్బలు కొట్టి ఆ భూమినుండి పంపించి దానిని స్వాధీనం చేసుకొన్నాడు. ప్రతివారూ కష్టపడేవారు ఉన్నారు. కాంగ్రెసులో చెప్పిన ఒక పాట వుంది......

جتنا بھی چاھے ظلم لٹانا ھے لٹالے -
جتنا بھی چاھے دل کا ارمان مٹانا ھے مٹالے -
ھم کو ستالے -
نیکی کے پردے میں بدی کرنا ھے کرالے -
جتنا بھی چاھے ظلم لٹانا ھے لٹالے -
جتنا بھی چاھے دل کا ارمان مٹانا ھے مٹالے -
پاپی کا گھڑا بھرنا ھے بھرالے -
پاپی کا گھڑا بھر کر وہ بھرے بازار میں پھوٹ جائیگا -

The house then adjourned till Half Past Two of the Clock on Tuesday, the 21st September 1954.
